★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 321 بروز پیر 17 اگست 2026ء 3 ربیع الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

ملک شعیب سلطان ایڈیشنل رجسٹرار عدالت عالیہ کو انکوائری کمیشن کا رجسٹرار/سیکرٹری مقرر

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے حملہ زیارت اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت سے متعلق قائم کردہ انکوائری کمیشن جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا نے ملک شعیب سلطان ایڈیشنل رجسٹرار (بی) 20 -عدالت عالیہ کو انکوائری کمیشن کا رجسٹرار سیکرٹری مقرر کر دیا ہے۔

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کی محمد شریف جتک کی شہادت پر ان کے اہل خانہ سے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے محمد شریف جتک کی شہادت پر ان کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ حاجی علی مدد جتک نے غمزدہ خاندان کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار بھی کیا۔

حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کیلئے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوجوان عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائی کیلئے سرکاری ملازمت کا اعلان

عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کیلئے قابل تقلید مثال ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول ہسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصری کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اتحاد، رواداری اور محنت سے پاکستان کو معاشی قوت بنائیں گے، چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ ہاؤس اسلام آباد میں جشن آزادی کی مناسبت سے پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی پاکستان مسلم لیگ کے سینئر نائب صدر اور وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

خاران آپریشن میں کامیابی، صدر مملکت آصف علی زرداری کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع خاران میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کو سراہتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بلوچستان میں دہشتگردی کا خاتمہ کریں گے، بزدل قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، مینا مجید

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر مینا مجید نے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد عام شہریوں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، تاہم صوبائی حکومت دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے پرعز(باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو فوری ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ اور فرضی دستاویزات کو بنیاد بنا کر ادارے اور حکومتی پروگرام کو بدنام کرنا نوجوانوں کے مفادات کے خلاف ہے، ترجمان بی ٹیوٹا کی وضاحت جاری

ادارہ خود کوئی ورک پرمٹ جاری نہیں کرتا، جبکہ زیرِ بحث مشکوک ورک پرمٹس بی ٹیوٹا کو اعتماد میں لیے بغیر امیدواروں کو براہِ راست ای میل کے ذریعے موصول ہوئے تھے

جعلی ورک پرمٹس کا معاملہ، بی ٹیوٹا نے الزامات مسترد کر دیے

حکومتِ بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا وژن صوبے کے نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی تربیت فراہم کر کے انہیں باعزت اور محفوظ روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بی ٹیوٹا نے ایک بلیک میلر گروپ کی جانب سے جعلی ورک پرمٹس کے حوالے سے سامنے آنے والے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ادارہ خود کوئی ورک پرمٹ جاری نہیں کرتا، جبکہ زیرِ بحث مشکوک ورک پرمٹس بی ٹیوٹا کو اعتماد میں لیے بغیر امیدواروں کو براہِ راست ای میل کے ذریعے موصول ہوئے تھے۔ ادارے نے معاملہ سامنے آتے ہی دسمبر 2025 میں متعلقہ فرم سے وضاحت طلب کی، جس نے بھی مذکورہ ورک پرمٹس کو جعلی قرار دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ 61 ارب روپے بڑھ کر 1675 ارب روپے ہو گیا

کمپنیوں کو واجب الادا رقم 77** ارب روپے کمی کے بعد 784 ارب روپے رہ گئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ مالی سال 2025-26 کے دوران 61 ارب روپے اضافے کے بعد جون 2026 کے اختتام پر 1675 ارب روپے تک پہنچ گیا، جو جون 2025 کے اختتام پر 1614 ارب روپے تھا۔ تازہ ترین گردشی قرضے کی رپورٹ کے مطابق مالی سال کے دوران بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو و(باقی صفحہ 2 نمبر 7)

شہید کانسٹیبل محمد تماری کو صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے ستارہ شجاعت سے نوازنے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز کے مطابق بلوچستان پولیس کی عوام کے تحفظ اور امن کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، جسے تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ صدر پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

خاران میں کامیاب آپریشن پر وفاقی وزیر داخلہ کی سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشت گردی کے خلاف برسرِ پیکار سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خاران میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے سیکیورٹی فو(باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سینیٹ کا اجلاس آج شام 4 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سینیٹ کا اجلاس 17 اگست کو شام 4 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں طلب کر لیا، اجلاس کی صدارت چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کریں گے۔ صدر مملکت نے آئین کے آرٹیکل 54 (1) کے تحت سینیٹ کا اجلاس طلب کیا ہے۔ سینیٹ کے اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

عبدالعلیم خان کی صوبہ ہزارہ کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں، سردار محمد یوسف

نئے صوبوں کے قیام سے کسی کو خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، وفاقی وزیر مذہبی امور

چھوٹے صوبے پاکستان کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے ضامن ثابت ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) صوبہ ہزارہ تحریک کی مرکزی قیادت نے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کی جانب سے صوبہ ہزارہ کے قیام کی حمایت کا خیر مقدم کیا ہے۔ وفاقی وزیر اور چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ عبدالعلیم خان نے صوبہ ہزارہ کے قیام کی کھل کر حمایت کر کے سب کے دل جیت لیے ہیں، ہم ان کی حمایت پر ان (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

کوئٹہ: سابق سینیٹر حاجی لشکری رئیسانی سراوان ہاؤس میں ایک تقریب کے دوران لوگوں کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

غزالہ گولہ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی ہادیہ نواز بہرانی کی مشترکہ پریس کانفرنس

دہشتگردوں نے نوشکی میں ماں بیٹی کو قتل کر کے بلوچوں کی روایات کو مسخ کیا، صوبائی وزراء

اس گھناؤنے عمل کے خلاف کام کرنے والی انسانی حقوق کی چیمپئن تنظیموں کی خاموشی باعث تشویش ہے معاشرے کا ہر طبقہ مذمت کرتا ہے

ہم نے ملکر بلوچستان میں امن دشمنوں کو شکست دیکر پر امن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنانا ہے بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی خواتین صوبائی وزراء ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی ہادیہ نواز بہرانی نے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کو قتل کر کے بلوچوں کی روایات کو مسخ کیا ہے جس کی وجہ سے دہشت گردوں کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے عیاں ہو چکا ہے اور اس گھناؤنے عمل کے خلاف کام کرنے والی انسانی حقوق کی چیمپئن تنظیموں کی خاموشی باعث تشویش ہے ہم نے ملکر بلوچستان میں امن (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کوئٹہ: قائمقام اسپیکر غزالہ گولہ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید درانی، صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ اور پارلیمانی سیکرٹری ہادیہ نواز پریس کانفرنس کر رہی ہیں

صحبت پور، صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ اور ڈپٹی کمشنر صحبت پور میر ظہور حسین کھوسہ میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر ڈائیلاسز یونٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

قبضے سے جدید اسلحہ، بھاری مقدار میں گولہ بارود، دیگر جنگی سامان برآمد کر لیا گیا، سیکیورٹی ذرائع

خاران میں سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، 7 دہشتگرد ہلاک، متعدد زخمی

لوٹ مار، بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے

خاران (آن لائن) بلوچستان کے ضلع خاران کے علاقے لجے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، جبکہ متعدد دہشت گرد زخمی بھی ہوئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت د(باقی صفحہ 2 نمبر 11)

12، 20 یا 32 صوبوں کی باتیں محض قیاس آرائیاں ہیں، رانا ثناء اللہ

نئے صوبوں کے لیے واضح تحریری فارمولا سامنے لایا جائے، مشیر وزیراعظم سیاسی امور

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے حکومت نے تاحال کوئی منصوبہ تیار نہیں کیا۔ بعض حلقوں کی جانب سے ملک میں 12، 20 یا 32 صوبے بنانے کی باتیں کی جا رہی ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

مستونگ، کھڈ کوچہ میں باغ میں کام کرنے والا مزدور جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں باغ میں کام کرنے والا مزدور جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں شریف آباد (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

52 نئی جان بچانے والی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان

وزیراعظم سے وفاقی وزیر صحت، وزیر خزانہ اور ڈریپ حکام کی اہم ملاقات متوقع

اسلام آباد (آن لائن) 52 نئی جان بچانے والی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان ہے، اس سلسلے میں وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر صحت، وزیر خزانہ اور ڈریپ حکام کی اہم ملاقات متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

گڈز ٹرانسپورٹرز اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان کل گورنر ہاؤس میں مذاکرات

کراچی (آن لائن) صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا ہے کہ گڈز (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ملک کی تعمیر و ترقی، جمہوری استحکام اور سیاسی عمل میں خواتین کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، راحیلہ حمید درانی و دیگر

خواتین نے پاکستان کی تاریخ میں ہر مشکل مرحلے پر اہم کردار ادا کیا ہے، جمال شاہ کاکڑ

200 خواتین کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت، خواتین کو سیاسی عمل میں بھرپور نمائندگی دینا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ خواتین معاشرے کی نصف آبادی ہیں، ملک کی تعمیر و ترقی، جمہوری استحکام اور سیاسی عمل میں ان کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، مسلم لیگ (ن) خواتین کو سیاسی میدان میں آگے بڑھنے اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے بھرپور مواقع فراہم کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان کے معدنی شعبے میں نئی پیش رفت، ایس آئی ایف سی کی معاونت سے خضدار منصوبہ فعال

پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری، ترقی اور وسائل کے مؤثر استعمال کو فروغ مل رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی سہولت کاری سے پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری، ترقی اور قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستان وسیع قدرتی معدنی وسائل سے مالا مال ہے، جس کے باعث معدنی شعبہ ملکی معاشی ترقی، روزگار کے مواقع اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ خضدار کا بارائٹ، لیڈ، زنک منصوبہ پاکستان کے اہم معدنی منصوبوں میں شمار ہوتا ہے، جس پر طویل عرصے سے کام جاری تھا۔ منصوبے کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل میں ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری کے نتیجے میں 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کا(باقی صفحہ 2 نمبر 18)

سانحہ 5 جولائی زیارت کچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، حاجی نور محمد خان دمڑ

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ سانحہ 5 جولائی زیارت کچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے۔ دہشتگردوں نے بزدلانہ کارروائی میں ہمارے پولیس فورس کے بہادر جوانوں کو بے دردی سے شہید کیا۔ یہ صرف پولیس پر حملہ نہیں تھا بلکہ ریاست، قانون اور (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

آن لائن فراڈ اور فحش مواد بنانے والے 284 غیر ملکی اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا فیصلہ

نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے پلازہ کو سب جیل قرار دینے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) آن لائن فراڈ اور مبینہ طور پر فحش مواد بنانے کے الزام میں گرفتار 284 غیر ملکی باشندوں کو اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نجی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم متحد ہے، سردار ایاز صادق

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خاران میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے دوران 7 خوارجی دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فو(باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پاکستان میں دہشت گردی کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہونے کا دعویٰ

اسلام آباد (آن لائن) فتنہ الہندوستان سے متعلق جاری کیے گئے دعووں میں کہا گیا ہے کہ کالعدم تنظیم کو افغانستان میں مالی معاونت، تربیت اور لاجسٹک سہولیات فراہم کی جاری (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

لاہور، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف آزاد کشمیر میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام اور پولیس نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں، رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیر داخلہ

محسن نقوی کا وزیر داخلہ بلوچستان سے ٹیلیفونک رابطہ، حملے کی شدید مذمت

وفاقی حکومت بلوچستان حکومت اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء لانگو سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور ان کے قافلے پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی۔ محسن نقوی نے حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ضیاء لانگو محفوظ رہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور پولیس نے دہشتگردی کے خلا(باقی صفحہ 2 نمبر 29)

انڈونیشیا میں زلزلے سے جانی نقصان، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا اظہار افسوس

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے انڈونیشیا کے جزیرے فلورس میں آنے والے شدید (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

میرٹ پامالی کسی صورت برداشت نہیں کی جاسکتی، پشتونخوامیپ

بی آر سی ژوب کی حالیہ بھرتیوں میں میرٹ پامالی، اقربا پروری پر سخت تشویش کا اظہار

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع ژوب کے ضلعی پریس ریلیز میں بی آر سی ژوب کی حالیہ بھرتیوں میں میرٹ کی پامالی اور اقربا پروری پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس عمل کو منفرد تعلیمی ادارے پر کالا دھبہ قرار دیا ہے۔ پشتونخوا میپ تمام اداروں بالخصوص محکمہ تعلیم جس سے ہمارے قوم کا مستقبل وابستہ ہے پارٹی میرٹ کی پامالی برداشت نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ فارم 47 کی حکومت میں سرعام ملازمتیں فروخت کی جاتی ہیں۔ تمام اداروں میں جونیئر من پسند افراد بڑی بڑی پوسٹوں پر براجمان ہے۔ پارٹی تمام اداروں بالخصوص محکمہ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

بانی پی ٹی آئی کی ملاقات اور علاج سے متعلق کیسز کی سماعت کل منگل کو ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) بانی پی ٹی آئی کی ملاقات اور علاج سے متعلق کیسز (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خضدار اور قلات کے بارڈر ایریا شور پارود کے پہاڑی سلسلے میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کو سراہتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اداروں نے بڑی محنت اور جانچ پڑتال کے بعد یہ فہرست ترتیب دی ہے، آل زمینداد

شفاف اور تقریباً 90 فیصد میرٹ پر جاری کرنے پر ہم تمام متعلقہ اداروں کے شکر گزار ہیں

دالبندین (آن لائن) آل زمینداد 2500 وری فائیڈ لسٹ انٹری ہولڈرز نے اپنے جاری کردہ مشترکہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ 2500 افراد کی لسٹ صاف، شفاف اور تقریباً 90 فیصد میرٹ پر جاری کرنے پر ہم تمام متعلقہ اداروں کے شکر گزار ہیں۔ اداروں نے بڑی محنت اور جانچ پڑتال کے بعد یہ فہرست ترتیب دی ہے، جس سے علاقے کے 2500 خاندانوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ اس فہرست کو نادرا سے تصدیق اور مکمل جانچ پڑتال کے بعد ترتیب دیا گیا ہے، جس میں دالبندین کے تمام قبائ(باقی صفحہ 2 نمبر 22)

کوئٹہ، ہنہ اوڑک ولی تنگی میں دھماکہ سے افراد جاں بحق 2 زخمی

دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا سیکورٹی حکام کی کارروائی

ریسکیو حکام نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے تفریحی مقام ہنہ اوڑک ولی تنگی میں دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے تخریب کاری کی غرض سے ولی تنگی میں سڑک کے کنارے دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا کہ قریب سے گزرنے والی گاڑی کے دوران وہ زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بیرون ملک مقیم پاکستانی بلوچستان کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے، گورنر مندوخیل

گورنر جعفر خان کا پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام پاکستانیوں اور پاکستانی ڈائسپورا کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد

ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت اور جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابل تحسین ہے

نیویارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے امریکہ کے سرکاری دورے کے موقع پر گزشتہ رات ہوسٹن شہر جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام پاکستانیوں اور پاکستانی ڈائسپورا کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد دی۔ وطن عزیز سے ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت او(باقی صفحہ 2 نمبر 19)

نیشنل پارٹی کی اصل طاقت اس کے کارکن ہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ

نیشنل پارٹی نے بلوچستان میں ایک سنجیدہ، جمہوری اور اصولی سیاسی قوت کے طور پر اپنی شناخت قائم کی ہے

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی نیاز بلوچ کی رہائش گاہ پر سینئر دوستوں سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نیاز بلوچ کی رہائش گاہ پر پارٹی کے سینئر دوستوں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں تنظیمی امور، حالیہ تنظیمی انتخابات، کارکنوں کے تحفظات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پارٹی سربراہ کے ساتھ سینئر نائب صدر میر شاؤس بزنجو بھی تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی اصل طاقت اس کے کارکن ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں

معاون وزیر اعلی بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے خضدار اور قلات کے بارڈر ایریا شور پرود کے پہاڑی سلسلے میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بہادری اور عزم کا واضح ثبوت ہے اپنے بیان میں شاہد رند نے کہا کہ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شور پرود کے پہاڑی علاقے میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی قابل تحسین ہے، آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے مختلف ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 10 دہشت گردوں کو ہلاک جبکہ متعدد کو زخمی کیا معاون وزیر اعلی نے کہا کہ آپریشن کے بعد علاقے میں سرچ اینڈ کلیئرنس کارروائیوں کا جاری رہنا اس امر کا ثبوت ہے کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گرد عناصر کے خلاف مکمل عزم کے ساتھ کارروائیاں کر رہی ہیں۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کی تلاش بھی جاری ہے اور انہیں قانون کی گرفت میں لانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں شاہد رند نے کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کا تعاقب جاری رہے گا اور امن دشمنوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔

بقیہ 01

اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق خلجی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیر اعلی نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیر اعلی بلوچستان نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذب ؟ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، داد رسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت داد رسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

بقیہ 02

کے شکر گزار ہیں۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ عبدالعلیم خان کی جاندار حمایت صوبہ ہزارہ تحریک کے لیے حوصلے کا باعث ہے۔ نئے صوبوں کے قیام سے کسی کو خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں، آئینی طور پر نئے صوبے بنانے میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ اگر عوام کو ان کے حقوق ان کی دہلیز پر فراہم کیے جاسکتے ہیں تو یہ کام جلد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعظم شہباز شریف سے صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے بات کر چکے ہیں۔ وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی تھی کہ اس معاملے پر جلد اجلاس بلایا جائے گا۔ وقت کے ساتھ نئے اضلاع اور تحصیلیں بنائی گئی ہیں، اسی طرح نئے صوبے بھی بننے چاہئیں۔ مرکزی کوآرڈینیٹر صوبہ ہزارہ تحریک پروفیسر سجاد قمر نے کہا کہ عبدالعلیم خان نے صوبہ ہزارہ کی بات کرکے ایک کروڑ عوام کی ترجمانی کی ہے۔ دیگر سیاسی قیادت کو بھی عبدالعلیم خان کی طرح آگے آنا چاہیے۔ پروفیسر سجاد قمر نے کہا کہ عوام کے سڑکوں پر نکلنے اور حالات میں خرابی پیدا ہونے سے پہلے ان کا جائز مطالبہ پورا کیا جائے۔ چھوٹے صوبے پاکستان کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے ضامن ثابت ہوں گے۔

بقیہ 03

میں ملکی و بین الاقوامی اہم امور زیر بحث آئیں گے، جبکہ ایوان بالا میں اہم قومی اور عالمی معاملات پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران اہم قانون سازی سمیت ملکی صورتحال سے متعلق مختلف اہم امور بھی ایوان میں زیر بحث آنے کا امکان ہے۔ سینیٹ اجلاس میں ملک کو درپیش اہم مسائل، قومی معاملات اور دیگر اہم امور پر ارکان اظہار خیال کریں گے۔

بقیہ 04

رسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف برسر پیکار سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کو ملنے والی نمایاں کامیابیاں قابل تحسین ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم یکسو اور متحد ہے۔ محسن نقوی نے واضح کیا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری رہیں گے اور ملک میں امن و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔

بقیہ 05

ترجمان بی ٹیوٹا کے مطابق حکومتِ بلوچستان اور وزیر اعلی بلوچستان کا وژن صوبے کے نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی تربیت فراہم کرکے انہیں باعزت اور محفوظ روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ وزیر اعلی یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام صرف چند سو نوجوانوں تک محدود نہیں بلکہ 30 ہزار سے زائد ہنر مند نوجوانوں کو عالمی روزگار کی مسابقتی مارکیٹ کے لیے تیار کرنے کا جامع منصوبہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ جعلی ورک پرمٹس کی اطلاع ملتے ہی امیدواروں کو بار بار متنبہ کیا گیا کہ وہ متعلقہ ادارے کی تصدیق کے بغیر کسی بھی ای میل، ورک پرمٹ یا آفر لیٹر پر اعتماد نہ کریں اور نہ ہی اپنے ذاتی کوائف فراہم کریں۔ بی ٹیوٹا آج بھی واضح کرتا ہے کہ ورک پرمٹ جاری کرنا متعلقہ فرم کی ذمہ داری ہے، جبکہ ادارہ صرف تصدیق شدہ ورک ویزہ کے حصول کے بعد اپنے طے شدہ ضوابط کے مطابق مالی معاونت کا پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ اور فرضی دستاویزات کو بنیاد بنا کر ادارے اور حکومتی پروگرام کو بدنام کرنا نوجوانوں کے مفادات کے خلاف ہے۔ حکومت بلوچستان اپنی بیٹیوں اور بیٹوں کے عزت، وقار اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور کسی بھی نوجوان کو غیر معتبر کمپنی یا غیر محفوظ روزگار کی طرف نہیں دھکیلا جائے گا۔ ترجمان بی ٹیوٹا نے واضح کیا کہ کسی کنسلٹنٹ فرم کی مبینہ بے ضابطگیوں سے متاثر ہونے والے نوجوانوں کی طرح بی ٹیوٹا بھی اس معاملے میں متاثرہ فریق ہے، کیونکہ حکومت بلوچستان نے اس منصوبے پر خطیر وسائل خرچ کیے ہیں۔ وزیر اعلی بلوچستان کی ہدایات پر چیف منسٹر انسپکشن ٹیم نے شفاف تحقیقات مکمل کرکے رپورٹ پیش کی، جس کی روشنی میں اینٹی کرپشن ادارہ مزید قانونی کارروائی کر رہا ہے تاکہ ذمہ دار عناصر کا تعین کرکے انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جاسکے۔ ترجمان نے بی ٹیوٹا دفتر میں نوجوانوں پر تشدد کے الزامات کو بھی سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ الزامات بے بنیاد اور من گھڑت ہیں۔ نوجوانوں کے وفود ہمیشہ ادارے میں آئے، ان کے مسائل سنے گئے اور انہیں عزت و احترام کے ساتھ حکام سے ملاقات کا موقع فراہم کیا گیا۔ ادارہ گمراہ کن الزامات لگانے والے عناصر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان نے نوجوانوں کی سہولت کے لیے ڈائریکٹ ایمپلائمنٹ پروگرام بھی شروع کیا ہے، جبکہ QTECH کے تحت ایک ہزار نوجوانوں کو جدید آئی ٹی اور تکنیکی علوم کی عالمی معیار کی تربیت فراہم کرنے کا پروگرام بھی جاری ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو مارکیٹ سے منسلک کرکے باعزت روزگار کے قابل بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں روزگار حاصل کرنے والے نوجوانوں کے ساتھ بی ٹیوٹا مسلسل رابطے میں ہے اور وہاں درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ بیرون ملک روزگار کا عمل متعلقہ ممالک کے قوانین، ویزا کوٹے اور کمپنیوں کی ضروریات سے منسلک ہوتا ہے، اس لیے ہر مرحلے میں قانونی اور شفاف طریقہ کار اختیار کرنا ضروری ہے۔ ترجمان بی ٹیوٹا نے کہا کہ ادارہ مستقبل میں صوبے کے نوجوانوں کو ملک کے نامور اور عالمی شہرت یافتہ تکنیکی و تعلیمی اداروں سے اعلی معیار کی تربیت دلانے کے لیے بھی منصوبہ بندی کر رہا ہے تاکہ بلوچستان کے نوجوان عالمی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق مزید باصلاحیت بن سکیں۔ ترجمان نے آخر میں کہا کہ حکومت بلوچستان اور بی ٹیوٹا نوجوانوں کے مسائل کے فوری، شفاف اور عادلانہ حل کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں۔ نوجوان صوبے کا حقیقی سرمایہ ہیں اور ان کے روشن، باوقار اور محفوظ مستقبل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ نوجوانوں سے اپیل ہے کہ وہ غیر مصدقہ ورک پرمٹس، آفر لیٹرز اور سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اطلاعات پر یقین کرنے کے بجائے متعلقہ ادارے سے تصدیق ضرور کریں۔

بقیہ 06

جناب آصف علی زرداری نے یوم آزادی کے موقع پر ملک و قوم کے لیے غیر معمولی بہادری اور قربانی کا مظاہرہ کرنے والے شہداء کے لیے سول اعزازات کا اعلان کر دیا، ان میں بلوچستان پولیس کے کانسٹیبل محمد ثماری کو بعد از شہادت ستارہ ؟ شجاعت سے نوازنے کی منظوری دی گئی ہے۔ محمد ثماری ولد نور بخش سورابی وارڈ، گوادر میں پیدا ہوئے۔ چھ بھائیوں اور ایک بہن میں سب سے چھوٹے محمد ثماری نرم مزاج، خوش اخلاق اور ساتھیوں کے مخلص دوست کے طور پر جانے جاتے تھے۔ 11 مئی 2025 کو گوادر میں بلال مسجد کے علاقے میں دہشت گردوں کے ساتھ مقابلے کے دوران کانسٹیبل محمد ثماری نے فرض شناسی اور بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جان وطن پر قربان کردی اور جام شہادت نوش کیا۔ حکومت کی جانب سے جاری سول ایوارڈز کی فہرست میں کانسٹیبل محمد ثماری کا نام بھی ان اہلکاروں میں شامل ہے جنہیں شجاعت اور بہادری کے اعتراف میں بعد از شہادت ستارہ ؟ شجاعت دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق شہید محمد ثماری کی قربانی نہ صرف ان کے اہل خانہ بلکہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ ان کی بہادری، فرض شناسی اور وطن سے وفاداری ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ اللہ تعالی شہید کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 07

اجب الادا رقم 77 ارب روپے کی کمی کے بعد 784 ارب روپے رہ گئی، جو گزشتہ سال 861 ارب روپے تھی۔ اسی طرح بجلی پیدا کرنے والی سرکاری کمپنیوں (جینکوز) کی جانب سے ایندھن فراہم کرنے والوں کو واجب الادا رقم بھی معمولی کمی کے بعد 90 ارب روپے ہوگئی، جو ایک سال قبل 93 ارب روپے تھی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے گردشی قرضے کی فنانسنگ مالی سال 2025-26 کے دوران 801 ارب روپے رہی، جبکہ گزشتہ مالی سال پاور ہولڈنگ لمیٹڈ (پی ایچ ایل) میں 660 ارب روپے رکھے گئے تھے۔ فنانسنگ کے اس جزو نے مجموعی گردشی قرضے میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔ مالی سال کے دوران مختلف عوامل کے باعث گردشی قرضے میں مجموعی طور پر 364 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم مالی گنجائش سے کی جانے والی ادائیگیوں، جن میں 302 ارب روپے کی اسٹاک ادائیگیاں بھی شامل ہیں، کے باعث اس اضافے میں کمی آئی اور نتیجتاً گردشی قرضے میں خالص اضافہ تقریباً 61 ارب روپے رہا۔ رپورٹ کے مطابق کے الیکٹرک کی جانب سے ادائیگی نہ کرنا بھی گردشی قرضے میں اضافے کی اہم وجوہات میں شامل رہا۔ اس مد میں مالی سال 2025-26 کے دوران 194 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ گزشتہ مالی سال یہ رقم صرف 4 ارب روپے تھی۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کے نقصانات اور انتظامی نااہلیوں کے باعث بھی گردشی قرضے میں 262 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم یہ رقم گزشتہ مالی سال کے 265 ارب روپے کے مقابلے میں معمولی کم ہے۔ ڈسکوز کی جانب سے بجلی کی مکمل لاگت وصول نہ کیے جانے کے باعث گردشی قرضے میں 64 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جو گزشتہ سال کے 132 ارب روپے کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہے۔ دوسری جانب آئی پی پیز، پی ایچ ایل اور گردشی قرضے کی فنانسنگ پر سود کی مد میں 14 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ گزشتہ مالی سال اس مد میں 58 ارب روپے شامل ہوئے تھے۔

بقیہ 08

تھے۔ تقریب میں چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد، سینیٹر نیلوفر بختیار، اراکین قومی اسمبلی چوہدری محمد الیاس اور مسز فرخ خان، مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفی ملک، سابق رکن قومی اسمبلی آمنہ سلیم، رضوان صادق خان، پیر چراغ الدین شاہ، مہرین ملک آدم، انیلہ ایاز چوہدری، یاسر منیر، عاطف مغل، رحیم اعوان، چوہدری جہانگیر سمیت مسلم لیگی رہنماؤں اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ چوہدری سالک حسین نے ڈاکٹر محمد امجد اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا اور جشن آزادی کا کیک کاٹا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے قوم کو مبارکباد دی اور کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کا ثمر ہے۔ اسے ترقی یافتہ، خوشحال اور عالمی سطح پر باوقار ملک بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی صدر چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ تدبر، بردباری، رواداری اور مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا۔ وہ بھی انہی اصولوں پر عمل کرتے ہوئے پارٹی کو دوبارہ مضبوط اور فعال بنانا چاہتے ہیں۔ کارکنان ان کے دست و بازو ہیں اور جماعت کی تنظیم نو میں ان کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار ہمیشہ نہیں رہتا، اس لیے فیصلے قومی مفاد اور سوچ سمجھ کر کیے جانے چاہئیں۔ جائز کام کے لیے ان کے دفتر کے دروازے ہر شخص کے لیے کھلے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت اوورسیز پاکستانیز نے گزشتہ ڈھائی برس کے دوران نمایاں پیش رفت کی ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند کیا، جس پر بیرون ملک مقیم پاکستانی فخر محسوس کرتے ہیں۔ اب پوری قوم کو متحد ہو کر معاشی میدان میں آگے بڑھنا ہوگا۔ ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح ؟ کے اصول ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ چوہدری شجاعت حسین کے اتحاد، برداشت اور رواداری کے فلسفے پر عمل پیرا ہے، جبکہ چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین بھی انہی کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ سینیٹر نیلوفر بختیار نے کہا کہ پاکستان آج قائداعظم ؟ کے اصولوں اور قومی اداروں کی انتھک محنت کی بدولت عالمی برادری میں سربلند ہے۔ چوہدری محمد الیاس، مسز فرخ خان، غلام مصطفی ملک، رضوان صادق خان، انتخاب خان چمکنی اور دیگر مقررین نے بھی قوم کو مبارکباد پیش کی۔ اختتام پر پیر چراغ الدین شاہ نے ملکی سلامتی، ترقی اور سربلندی کے لیے خصوصی دعا کرائی۔

بقیہ 09

وں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی اہم کامیابی ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں ملکی سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں۔ صدر مملکت نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ **پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کارروائیوں کی مکمل حمایت کرتی ہے۔

بقیہ 10

م ہے۔ صوبائی وزیر راحیلہ حمید اور ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مینا مجید نے کہا کہ نوشکی میں بی ایل اے کے دہشتگردوں نے دو خواتین کو شہید کیا، بلوچستان حکومت بزدل قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد بلوچستان اور بلوچ عوام کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے، غیور بلوچوں کا دہشتگردوں سے کوئی تعلق نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گھروں میں گھس کر خواتین کو قتل کرنا کسی بھی صورت بلوچ روایات کا حصہ نہیں۔ مینا مجید نے کہا کہ دہشتگرد چادر اور چار دیواری کی پامالی کر کے صوبے میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں، تاہم سیکیورٹی فورسز جانفشانی سے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کی موجودگی ڈھکی چھپی نہیں، دہشتگردوں کا بیانیہ اب نہیں چلے گا۔ کسی کو بلوچستان کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور امن کے خلاف سازش کرنے والوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ مشیر وزیر اعلی نے کہا کہ دہشتگردوں کو شکست دیں گے۔ نوشکی میں قتل ہونے والی خواتین کا قصور صرف یہ تھا کہ وہ پرامن اور باعزت زندگی گزار رہی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ مقتول خواتین میں سے ایک کا گھر سیلاب میں بہہ گیا تھا، تاہم مشکل حالات کے باوجود اس نے ہمت نہیں ہاری اور اپنے خاندان کی کفالت کے لیے روزگار اختیار کیا۔ مینا مجید نے کہا کہ واقعے کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ انہوں نے انسانی حقوق کی تنظیموں سے سوال کیا کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشتگردی انہیں نظر کیوں نہیں آتی، جبکہ عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ دہشتگردوں کو مسترد کریں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر راحیلہ حمید نے کہا کہ گھر میں موجود دو خواتین کو قتل کر دیا گیا لیکن اس واقعے پر کسی کی جانب سے مذمتی بیان سامنے نہیں آیا۔ دہشتگرد خواتین کو شہید کر کے اپنے مقاصد حاصل نہیں کر سکتے، بلوچ خواتین کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت ہے۔

بقیہ 11

دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کی گئی۔ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ، بھاری مقدار میں گولہ بارود، دیگر جنگی سامان، 2 گاڑیاں اور ایک موٹر سائیکل بھی برآمد کی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشت گرد خاران اور لجے کے علاقوں میں لوٹ مار، بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔ سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق آخری دہشت گرد کے خاتمے تک تعاقب جاری رہے گا اور دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 12

کے قریب باغ میں ڈرون گرنے سے باغ میں کام کرنے والا نوجوان حبیب اللہ سکنہ لاڑکانہ ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 13

، تاہم ان میں سے کسی تجویز کو حکومتی پالیسی یا باضابطہ منصوبے کی حیثیت حاصل نہیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے واضح کیا کہ مقتدرہ کی جانب سے بھی حکومت کے ساتھ نئے صوبوں کے معاملے پر اب تک کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔ ان کے مطابق صوبوں کی تشکیل کا معاملہ نہ کابینہ میں زیر بحث آیا ہے اور نہ ہی پارلیمنٹ میں اس حوالے سے کوئی پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو وفاقی وزراء نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کر رہے ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ محض بیانات دینے کے بجائے اس حوالے سے کوئی واضح اور قابل عمل فارمولا تحریری شکل میں سامنے لائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبوں کی تشکیل ایک سنجیدہ آئینی اور انتظامی معاملہ ہے، جسے محض سیاسی بیانات یا خواہشات کی بنیاد پر آگے نہیں بڑھایا جا سکتا۔ علیم خان کی جانب سے صوبوں کے حوالے سے دی جانے والی تجاویز سے متعلق سوال پر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ صرف بات کرنے یا پوڈ کاسٹ میں خیالات کا اظہار کرنے سے نئے صوبے نہیں بن سکتے۔ ان کے مطابق اگر کسی کے پاس نئے صوبوں کی تشکیل کا باقاعدہ منصوبہ یا قابل عمل تجویز موجود ہے تو اسے باضابطہ طور پر پیش کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مصطفی کمال کے موقف کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ان کا معاملہ بنیادی طور پر کراچی کی حد تک ہے، جبکہ ملک میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے وسیع تر سطح پر کوئی ایسی عوامی تحریک یا مقبول مطالبہ موجود نہیں۔ رانا ثناء اللہ نے دعویٰ کیا کہ عوامی سطح پر نئے صوبوں کے قیام کی کوئی بڑی اور مقبول ڈیمانڈ سامنے نہیں آئی۔ ان کے بقول صوبہ ہزارہ کے قیام کے مطالبے کے علاوہ ملک کے کسی دوسرے حصے میں عوام کی جانب سے نئے صوبے کے لیے کوئی نمایاں مطالبہ سامنے نہیں آ رہا۔ انہوں نے اس تاثر کی بھی تردید کی کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے کوئی فیصلہ پس پردہ کیا جا چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس معاملے پر حکومت کی سطح پر فی الحال کوئی حتمی سوچ یا منصوبہ موجود نہیں، اس لیے مختلف تعداد میں صوبے بنانے سے متعلق سامنے آنے والی باتوں کو حکومتی فیصلہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ پی ٹی آئی کے احتجاج اور دھرنے کے حق سے متعلق سوال پر وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کے الزام کی وجہ سے پی ٹی آئی کو بطور سیاسی جماعت دھرنے کا حق حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج اور سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے ماضی کے واقعات اور قانونی معاملات کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا۔ رانا ثناء اللہ کے بیان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کا معاملہ اس وقت حکومت کے باقاعدہ ایجنڈے میں شامل نہیں۔ مختلف سیاسی رہنماؤں کی جانب سے اس حوالے سے سامنے آنے والی تجاویز فی الحال انفرادی آراء تک محدود ہیں، جبکہ کسی بھی نئے صوبے کے قیام کے لیے واضح سیاسی اتفاق رائے، آئینی طریقہ کار اور باقاعدہ حکومتی و پارلیمانی پیش رفت درکار ہو۔

بقیہ 14

52 نئی ادویات کی قیمتوں کے تعین اور میڈیسن ہارڈ شپ کیسز پر تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ وزیر صحت نے وزیراعظم سے جلد ملاقات کی درخواست کی تھی، جس کا مقصد نئی ادویات اور ہارڈ شپ کیسز پر حکومتی حمایت حاصل کرنا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈریپ پالیسی بورڈ اور پرائسنگ کمیٹی 52 نئی ادویات کی منظوری دے چکے ہیں جبکہ کابینہ ڈرگ پرائسنگ کمیٹی نے بھی 24 جولائی کو ان ادویات کی منظوری دی تھی۔ نئی ادویات کی زیادہ سے زیادہ قیمت کا تعین بھی کیا جا چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق 52 نئی ادویات کی قیمتوں کے تعین کی حتمی منظوری وفاقی کابینہ دے گی۔ کابینہ کی منظوری کے بعد ڈریپ نئی ادویات کی قیمتوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔ حکام کے مطابق کابینہ کی منظوری سے قبل نئی ادویات کی ملک میں فروخت قانونی طور پر ممکن نہیں ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم کو مختلف امراض سے متعلق تقریباً 100 ادویات کے زیر التوا ہارڈ شپ کیسز پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔ 52 نئی ادویات میں کینسر، ذیابیطس، ہیموفیلیا، آٹو امیون ڈس آرڈرز اور انتہائی نگہداشت میں استعمال ہونے والی ادویات شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سنگین انفیکشنز، امراض خون اور ہنگامی علاج میں استعمال ہونے والی ادویات بھی فہرست کا حصہ ہیں۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد مریضوں کے لیے جدید طریقہ علاج کی نئی ادویات ملک میں دستیاب ہونے کی راہ ہموار ہو جائے گی۔

بقیہ 15

ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان کل گورنر ہاؤس میں اہم مذاکرات ہوں گے، جس میں ٹرانسپورٹرز کے مسائل اور مطالبات پر بات چیت کی جائے گی۔ ملک شہزاد اعوان کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر مذاکرات میں شرکت کے لیے کراچی پہنچیں گے۔ مذاکرات میں گورنر سندھ، وزیر مواصلات، وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب، وزیر ٹرانسپورٹ سندھ اور دیگر حکومتی نمائندے بھی شریک ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر میں گڈز ٹرانسپورٹرز کی پرامن ملک گیر ہڑتال آٹھویں روز بھی جاری ہے اور ملک بھر کے ٹرانسپورٹرز اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کر رہے ہیں۔ ملک شہزاد اعوان نے امید ظاہر کی کہ مذاکرات کے ذریعے ٹرانسپورٹرز کے مسائل جلد حل ہو جائیں گے اور ٹرانسپورٹ کا پہیہ دوبارہ چلنا شروع ہو جائے گا۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ مطالبات کی منظوری تک ملک گیر پرامن ہڑتال جاری رہے گی۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز سے پرامن رہنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ مذاکرات کے نتیجے میں جلد خوشخبری ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسپورٹرز صرف وفاق اور صوبائی حکومتوں کی یقین دہانیوں پر اکتفا نہیں کریں گے بلکہ مطالبات کے حوالے سے عملی اقدامات اور فیصلے چاہتے ہیں۔ ان کے مطابق مطالبات پر ٹھوس پیش رفت ہونے کی صورت میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ دوبارہ چلنے کی امید پیدا ہوگی۔

بقیہ 16

ونگ کے زیر اہتمام 200 سے زائد خواتین کی پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) (بلوچستان کی خواتین ونگ کی صدر اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، نثار اچکزئی، شاکر محمد حسنی اور کارکنان بھی موجود تھے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بڑی تعداد میں خواتین کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام بالخصوص خواتین کا پارٹی کی قیادت، پالیسیوں اور منشور پر اعتماد بڑھ رہا ہے۔ خواتین کی سیاسی شمولیت محض تعداد بڑھانے تک محدود نہیں بلکہ انہیں پارٹی کے تنظیمی امور، قانون سازی، عوامی مسائل کے حل اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار دیا مسلم لیگ (ن) کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین نے پاکستان کی تاریخ میں ہر مشکل مرحلے پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ قیام پاکستان کی جدوجہد سے لے کر آج تک خواتین نے تعلیم، صحت، معیشت، سیاست اور سماجی ترقی کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ خواتین کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے سازگار ماحول اور مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین باصلاحیت، محنتی اور باہمت ہیں، انہیں سیاسی، معاشی اور سماجی سرگرمیوں میں آگے لانے سے صوبے کی ترقی کے نئے راستے کھل سکتے ہیں اس سلسلے میں راحیلہ حمید درانی اور رکن قومی اسمبلی اختر بی بی کی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ مسلم لیگ (ن بلوچستان) میں خواتین کی سیاسی تربیت، تنظیم سازی اور قیادت کے فروغ کو مزید مضبوط کرے گی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مؤثر قانون سازی، تعلیم اور صحت کی سہولیات تک رسائی، روزگار کے مواقع، ہنرمندی کے فروغ اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانا ضروری ہے۔ خواتین کو بااختیار بنائے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک میں جمہوری اقدار کے فروغ اور عوام کو سیاسی عمل میں شریک کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ خواتین کی بڑی تعداد میں پارٹی میں شمولیت اس سیاسی عمل کو مزید مضبوط بنانے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ انہوں نے پارٹی میں شامل ہونے والی خواتین کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ وہ عوامی مسائل بالخصوص خواتین کے مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ مسلم لیگ (ن) ان کی آواز کو ہر فورم پر مؤثر انداز میں اٹھائے گی۔ تقریب سے دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور مسلم لیگ (ن) میں شامل ہونے والی خواتین کو خوش آمدید کہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ ان کی شمولیت سے بلوچستان میں پارٹی کی تنظیم مزید مضبوط اور فعال ہوگی۔

بقیہ 17

اجب الادا رقم 77 ارب روپے کی کمی کے بعد 784 ارب روپے رہ گئی، جو گزشتہ سال 861 ارب روپے تھی۔ اسی طرح بجلی پیدا کرنے والی سرکاری کمپنیوں (جینکوز) کی جانب سے ایندھن فراہم کرنے والوں کو واجب الادا رقم بھی معمولی کمی کے بعد 90 ارب روپے ہوگئی، جو ایک سال قبل 93 ارب روپے تھی۔ رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے گردشی قرضے کی فنانسنگ مالی سال 2025-26 کے دوران 801 ارب روپے رہی، جبکہ گزشتہ مالی سال پاور ہولڈنگ لمیٹڈ (پی ایچ ایل) میں 660 ارب روپے رکھے گئے تھے۔ فنانسنگ کے اس جزو نے مجموعی گردشی قرضے میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔ مالی سال کے دوران مختلف عوامل کے باعث گردشی قرضے میں مجموعی طور پر 364 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم مالی گنجائش سے کی جانے والی ادائیگیوں، جن میں 302 ارب روپے کی اسٹاک ادائیگیاں بھی شامل ہیں، کے باعث اس اضافے میں کمی آئی اور نتیجتاً گردشی قرضے میں خالص اضافہ تقریباً 61 ارب روپے رہا۔ رپورٹ کے مطابق کے الیکٹرک کی جانب سے ادائیگی نہ کرنا بھی گردشی قرضے میں اضافے کی اہم وجوہات میں شامل رہا۔ اس مد میں مالی سال 2025-26 کے دوران 194 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ گزشتہ مالی سال یہ رقم صرف 4 ارب روپے تھی۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کے نقصانات اور انتظامی نااہلیوں کے باعث بھی گردشی قرضے میں 262 ارب روپے کا اضافہ ہوا، تاہم یہ رقم گزشتہ مالی سال کے 265 ارب روپے کے مقابلے میں معمولی کم ہے۔ ڈسکوز کی جانب سے بجلی کی مکمل لاگت وصول نہ کیے جانے کے باعث گردشی قرضے میں 64 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جو گزشتہ سال کے 132 ارب روپے کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہے۔ دوسری جانب آئی پی پیز، پی ایچ ایل اور گردشی قرضے کی فنانسنگ پر سود کی مد میں 14 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جبکہ گزشتہ مالی سال اس مد میں 58 ارب روپے شامل ہوئے تھے۔

بقیہ 18

ری کی راہ ہموار ہوتی ہے۔ خضدار میں قائم کیا جانے والا یہ منصوبہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ اور بولان مائننگ انٹرپرائزز کے اشتراک سے تیار کیا جا رہا ہے۔ منصوبے میں تقریباً 69 ملین ٹن معدنی ذخائر موجود ہیں، جبکہ اس کی متوقع مائن لائف 34 سال بتائی گئی ہے۔ منصوبے سے متعلق لیز کے مسائل کے حل کے بعد آپریشنل معاہدے کی تکمیل کو اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جس سے منصوبے کو عملی مراحل کی جانب بڑھانے میں مدد ملے گی۔ BLZ منصوبے سے سالانہ 150 سے 230 ملین ڈالر تک آمدن حاصل ہونے کی توقع ہے، جبکہ اس کے نتیجے میں بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ متوقع ہے۔ معدنی شعبے میں ایسے منصوبوں پر پیش رفت پاکستان کے وسیع قدرتی وسائل کو معاشی اثاثوں میں تبدیل کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے معدنی منصوبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات بڑھنے اور عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کی توقع کی جا رہی ہے۔

بقیہ 19

رجنہ یہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابل تحسین ہے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل شہرت یافتہ پاکستانی بزنس مین تنویر احمد، طاہر بھٹی، ڈاکٹر آصف قدیر اور میکسم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عذیر حسن سمیت مردوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ میں اپنے دورہ امریکہ کے دوران اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ "یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ" میں شرکت کیلئے آیا جہاں ہم نے پاکستان بھر کے نوجوانوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا۔ مجھے امید ہے کہ اس عالمی پلیٹ فارم پر ہونے والی ہماری کوششوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بہی خوشی ہوئی کہ ہوسٹن شہر میں پاکستانی کمیونٹی بالخصوص پاکستانی کاروباری حضرات اور تاجروں کی ایک بڑی تعداد آباد ہے۔ آپ نہ صرف اپنی محنت اور کامیابیوں کے ذریعے پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں بلکہ وطن عزیز کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی اور مضبوطی کیلئے پرائیویٹ سیکٹر، مقامی سرمایہ کاروں اور اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی نہ صرف اپنے خاندانوں کی مالی معاونت کرتے ہیں بلکہ ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ ان کی مہارت، تجربہ، سرمایہ کاری اور عالمی کاروباری روابط بھی پاکستان کی اقتصادی ترقی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ پاکستانی ہونے کے ناطے ہمیں آپ سے بڑی امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں۔ میری خواہش ہے کہ آپ پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے سرمایہ، تجربے اور کاروباری صلاحیتوں کو وطن عزیز کی پیداواری معیشت سے جوڑنے کیلئے بروئے کار لائیں۔ بالخصوص امریکہ میں مقیم پاکستانی تاجروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات کا تعاون پاکستان کیلئے انتہائی اہم ہے۔ ہمیں امید ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ان مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان اور بلوچستان کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے۔ آخر گورنر بلوچستان نے اپنے وطن سے ہزاروں میل دور ہونے کے باوجود پاکستان کی محبت آپ کے دلوں میں اسی طرح زندہ ہے، جس پر تمام منتظمین اور تقریب میں شریک ہر فرد خراج تحسین کا مستحق ہے۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کی ہوسٹن شہر کے سندی محل بینکوئٹ ہال میں آمد پر پاکستانی کمیونٹی کے سرکردہ افراد نے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کا پرتپاک استقبال کیا۔ پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے ایک شاندار عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ عشائیے میں گورنر جعفرخان مندوخیل نے فرداً فرداً تمام معزز مہمانوں سے ملاقات کی، ان سے خیالات کا تبادلہ کیا اور شرکا نے ان کے ساتھ گروپ فوٹوز بھی بنوائے۔ عشائیہ کا اہتمام خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوا جس میں پاکستان اور امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے درمیان روابط اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 20

نتیجے میں گاڑی میں سوار 2 افراد جاں بحق اور 2 افراد محمد دین اور رومان خان زخمی ہوگئے دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ، پولیس اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر کارروائی شروع کردی۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مزید کارروائی انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 21

کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ وزیراعلی نے کہا کہ شور پرود کے دشوار گزار پہاڑی علاقے میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی قابل تحسین ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، جبکہ شدید فائرنگ کے تبادلے میں 10 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف ریاست پوری قوت اور عزم کے ساتھ کارروائی کی صلاحیت رکھتی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ وزیراعلی نے کہا کہ آپریشن کے بعد سرچ اینڈ کلیئرنس کارروائیوں کا تسلسل خوش آئند ہے، فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب جاری رکھا جائے اور انہیں قانون کی گرفت میں لانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا وزیراعلی بلوچستان نے کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گرد عناصر کے خلاف جنگ میں کامیابی عوام، حکومت اور سیکیورٹی فورسز کے مشترکہ عزم سے یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 22

سے تعلق رکھنے والے غریب اور حقدار افراد کے نام شامل کیے گئے ہیں۔ دالبندین کے تمام 2500 انٹری ہولڈرز نے فہرست سے مطمئن ہیں اور اس اقدام پر فرنٹیئر کور بلوچستان (ایف سی ساؤتھ) کے میجر جنرل بلال سرفراز، بریگیڈیئر دالبندین رانطلو سعد محمود، ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی سمیت دیگر تمام متعلقہ اداروں کے بے حد مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں نے کافی عرصے سے جاری انٹری کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام افراد کی تصدیق اور جانچ پڑتال کے بعد بڑی محنت سے فہرست مرتب کی ہے، جس سے غریب اور حقدار افراد میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اس وقت تمام 2500 انٹری ہولڈرز اپنے اداروں کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے دن رات محنت کرکے صاف اور شفاف طریقے سے فہرست مرتب کی۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ اب 2500 زمباد ڈرائیور باعزت طریقے سے بغیر کسی رکاوٹ کے راجے بارڈر جا کر اپنے خاندانوں کا روزگار چلا سکیں، جس سے علاقے میں بے روزگاری میں بڑی حد تک کمی آنے کی توقع ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ اس وقت چند افراد 2500 افراد کی فہرست کو متنازع بنانے کی کوشش کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر اداروں کے خلاف بیان بازی اور منفی پروپیگنڈا کر رہے ہیں، جس کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں۔ فہرست میں شامل تمام 2500 افراد دالبندین کے غریب اور حقدار لوگ ہیں، جن کا روزگار بارڈر سے وابستہ ہے۔ فہرست میں کسی باہر کے شخص کو شامل نہیں کیا گیا بلکہ دالبندین ضلع چاغی کے مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے غریب اور حقدار افراد کو شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے اداروں کے خلاف سوشل میڈیا پر بے بنیاد بیان بازی اور الزامات کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ صرف چند افراد کا نہیں بلکہ 2500 خاندانوں کے روزگار کا مسئلہ ہے۔ 2500 افراد کی فہرست کو صاف، شفاف اور میرٹ پر مرتب کرنے پر ہم تمام متعلقہ اداروں کی مخلصانہ کاوشوں اور شفافیت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان کے اس اقدام کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔

بقیہ 23

۔ کارکن محض تنظیم کا حصہ نہیں بلکہ نیشنل پارٹی کی سیاسی میراث، فکری سرمایہ اور جدوجہد کا حقیقی تسلسل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں کی قربانیوں، نظریاتی وابستگی اور مسلسل جدوجہد کی بدولت نیشنل پارٹی نے بلوچستان میں ایک سنجیدہ، جمہوری اور اصولی سیاسی قوت کے طور پر اپنی شناخت قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے لیے ہر کارکن قابل احترام ہے اور نیشنل پارٹی کسی بھی کارکن کو تنظیمی عمل سے دور رکھنے کا تصور بھی نہیں کرسکتی۔ تنظیمی سرگرمیوں میں کارکنوں کی شمولیت، مشاورت اور رائے کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ پارٹی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ کارکنوں کے مسائل سنے، ان کے خدشات کا ازالہ کرے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا بنیادی فکر جمہوری اصولوں قومی برابری عوامی حق حکمرانی، آئین و قانون کی بالادستی پر مبنی ہے۔ پارٹی کا آئین بھی انہی جمہوری روایات کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی آئین میں کی گئی ترامیم کا مقصد کسی فرد یا گروہ کو تقویت دینا نہیں بلکہ تنظیمی ڈھانچے کو زیادہ فعال، منظم، شفاف اور جمہوری تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں اس وقت مضبوط ہوتی ہیں جب ان کے اندر اختلاف رائے کو برداشت کیا جائے، تنقید کو شائستہ انداز میں لیا جائے اور مسائل کو گفت و شنید، دلیل اور جمہوری طریق کار کے ذریعے حل کیا جائے۔ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ تنقیدی شعور، سیاسی مکالمے اور داخلی جمہوریت کی روایت کو فروغ دیا ہے اور مستقبل میں بھی اس روایت کو برقرار رکھا جائے گا۔ ملاقات کے دوران سینئر کارکنوں اور عہدیداران نے حالیہ تنظیمی انتخابات کے حوالے سے اپنے تحفظات اور خدشات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تمام شرکا کو تحمل کے ساتھ سنا اور یقین دہانی کرائی کہ پارٹی قیادت ان تحفظات کو سنجیدگی سے لے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان امور کو حل باہمی مشاورت، آئینی دائرہ کار اور تنظیمی اصولوں کے مطابق نکالا جائے گا، جس کے لیے آئندہ دنوں میں مزید باقاعدہ نشستیں منعقد کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کسی قسم کے اختلاف کو ذاتی یا گروہی تنازع میں تبدیل کرنے کے بجائے اسے سیاسی اور تنظیمی عمل کے ذریعے حل کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ کارکنوں کے اعتماد ہی تنظیم کی مضبوطی کی ضمانت ہے۔ پارٹی کے تمام ساتھیوں کو ذاتی پسند و ناپسند سے بالاتر ہو کر پارٹی کے وسیع تر مفاد نظریاتی تشخص اور قومی جدوجہد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی طاقت نہ کسی فرد میں ہے اور نہ ہی کسی عہدے میں، بلکہ اس کی اصل قوت کارکنوں کے اعتماد، نظریاتی وابستگی، جمہوری فکر اور اجتماعی جدوجہد میں ہے۔ پارٹی اپنے کارکنوں کے اعتماد کو ہر صورت مقدم رکھے گی اور ایک مضبوط، متحد اور متحرک تنظیم کے ذریعے بلوچستان کے قومی و عوامی حقوق کی جدوجہد کو آگے بڑھائے گی۔ اجلاس سے ڈاکٹر رمضان ہزارہ انیل غوری حاجی فہیم ہنگورزئی ریاض زہری حنیف کاکڑ چیرمین اسلم بلوچ آغاز بن شاہ نصراللہ شاہوانی حاجی ادریس شاہوانی ثنا اللہ کھیازئی کامریڈ رحمت اللہ برکانی مالک بلوچ عارف کرد سمیت دیگر نے خطاب کیا۔

بقیہ 24

تعلیم کے حکام بالا سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ تمام اداروں میں خالص میرٹ پر تعیناتیاں اور سینئر حق داران کو تمام کالجز، سکولوں اور دیگر پوسٹوں کے چارج حوالے کیے جائیں۔ بی آر سی ژوب کی تعیناتی آرڈرز منسوخ کرکے غیر جانبدار کمیٹی کے ذریعے از سر نو میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں کو یقینی بنایا جائے۔ بصورت دیگر پارٹی ہر قسم کی قانونی چارہ جوئی کے ساتھ ساتھ ہر قسم کے احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 25

کی سماعت کل منگل کو ہوگی سپریم کورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف کی جیل میں ملاقات اور طبی سہولیات سے متعلق دائر مقدمات سماعت کے لیے مقرر کیے گئے ہیں۔ رجسٹرار آفس نے کیس کی سماعت کے نوٹس تمام متعلقہ فریقین اور وکلا کو جاری کردیے ہیں۔ تین رکنی بینچ سماعت کرے گا جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں جسٹس نعیم افغان اور جسٹس اشتیاق ابراہیم مقدمے کی سماعت کریں گے۔ درخواستوں میں بانی پی ٹی آئی کو جیل میں فیملی اور وکلا سے ملاقات کی اجازت اور جیل میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق استدعا کی گئی ہے۔

بقیہ 26

زلزلے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ قدرتی آفت کے نتیجے میں ہونے والا جانی نقصان ناقابل تلافی ہے، پاکستانی قوم اس مشکل گھڑی میں انڈونیشیا کے غمزدہ عوام کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے زلزلے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ **اللہ تعالی مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر و حوصلہ دے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی دعا کی اور کہا کہ پاکستان اس مشکل گھڑی میں انڈونیشیا کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور انڈونیشیا کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور دیرینہ دوستی پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت اور اخوت کے مضبوط رشتے قائم ہیں، جبکہ قدرتی آفت کی اس گھڑی میں پاکستانی قوم اپنے برادر ملک کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ سیدال خان ناصر نے امید ظاہر کی کہ انڈونیشیا کی حکومت اور عوام اپنی مضبوط قومی یکجہتی اور عزم کے ذریعے اس مشکل صورتحال پر جلد قابو پالیں گے۔

بقیہ 27

ہیں، جبکہ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بیرونی عناصر کے ساتھ اس کے مبینہ گٹھ جوڑ نے کئی سوالات اٹھا دیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق فتنہ الہندوستان کی جانب سے سوشل میڈیا پر جدید انداز میں تیار کی جانے والی سینمیٹک ویڈیوز کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ویڈیوز میں جدید ڈرون زوم، مختلف زاویوں سے ریکارڈنگ، ہائی ڈیفینیشن کوریج اور جدید ایڈیٹنگ استعمال کی گئی ہے۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس نوعیت کی مہنگی اور جدید پروڈکشن کے پیچھے بھارتی میڈیا اور مبینہ بیانیہ سازی کا نیٹ ورک سرگرم ہے، جبکہ تنظیم کو مالی اور لاجسٹک معاونت فراہم کیے جانے کے الزامات بھی سامنے آئے ہیں۔ جاری کیے گئے مواد میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ فتنہ الہندوستان کی ایک حملے سے متعلق ویڈیو میں افغانستان میں موجود امریکی ساختہ اسلحہ دکھائی دیتا ہے۔ اس حوالے سے افغان طالبان کی جانب سے دہشت گرد گروہوں کو مبینہ طور پر اسلحہ دستیاب ہونے پر بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ اس سے قبل خودکش حملہ آور شہباز کے مہنگے سازوسامان اور ہتھیاروں پر مبنی مبینہ پروپیگنڈا ویڈیو کو بھی تنظیم کو حاصل بیرونی معاونت کی مثال قرار دیا گیا۔ رپورٹ میں اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ افغانستان میں متعدد دہشت گرد گروہوں کی سرگرمیاں پڑوسی ممالک کے لیے مستقل خطرہ ہیں۔ مزید دعویٰ کیا گیا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے ارکان کو افغانستان میں القاعدہ کے تربیت کاروں نے فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) کے ساتھ تربیت فراہم کی۔ ویڈیو سے متعلق دعووں میں کہا گیا ہے کہ افغانستان میں موجود بعض دہشت گرد عناصر کو مقامی زبان میں حملوں کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے بھی دکھایا گیا ہے۔ دوسری جانب سیگار کی رپورٹس کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ 2021 میں امریکی افواج کے انخلا کے وقت افغانستان میں تقریباً 7.1 ارب ڈالر مالیت کا فوجی سازوسامان موجود تھا، جس کے بعد اسلحے اور فوجی سازوسامان کے دہشت گردوں تک پہنچنے کے خدشات سامنے آتے رہے ہیں۔ عالمی ماہرین کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ پراکسی گروہوں، افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی اور مبینہ سرپرستی کا امتزاج خطے کے امن و سلامتی کے لیے ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے۔ رپورٹ میں فتنہ الہندوستان کو کسی حقوق کی تحریک کے بجائے بیرونی ایجنڈے اور مبینہ مالی معاونت سے چلنے والی پراکسی قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایسی تنظیموں کی سرگرمیاں بلوچستان سمیت پاکستان کے امن کے لیے خطرہ ہیں۔

بقیہ 28

رسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سردار ایاز صادق نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد ملک کے امن، استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم متحد ہے اور ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ سردار ایاز صادق نے عزم کا اظہار کیا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی اور ملک میں امن و استحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کی مکمل حمایت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 29

ف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ وفاقی حکومت بلوچستان حکومت اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء لانگو نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ امن دشمنوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے حملے کے باوجود عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے کے لیے حکومت اور سیکورٹی ادارے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 30

ہاؤسنگ سوسائٹی کے پلازہ کو سب جیل قرار دینے کا نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا ہے، جبکہ گرفتار تمام غیر ملکیوں کو اڈیالہ جیل منتقل کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گزشتہ روز گرفتار غیر ملکی باشندوں کے ویزے منسوخ کرکے انہیں خصوصی پرمٹ جاری کیے گئے تھے۔ تمام افراد کو ملک بدر کرنے کے لیے اڈیالہ جیل منتقل کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام 284 غیر ملکیوں کو 15 روز کے اندر پاکستان سے واپس بھیج دیا جائے گا۔ گرفتار غیر ملکی باشندوں کو اسلام آباد کی ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے حراست میں لیا گیا تھا۔ گرفتار افراد میں اکثریت ویتنام، انڈونیشیا اور چین کے شہریوں کی ہے۔ ذرائع کے مطابق گرفتار غیر ملکیوں میں زیادہ تر افراد سیاحتی یا وزٹ ویزوں پر پاکستان آئے تھے۔ حکام کی جانب سے ان کے خلاف قانونی کارروائی اور ملک بدری کے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 31

دشمنوں کو شکست دیکر پرامن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنانا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو سول سیکرٹریٹ میں سکندر جمالی آڈیٹوریم میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قبائلی صوبے اور یہاں اور بسنے والے قبائل کی روایات اور ثقافت کی مثالیں دی جاتی تھیں لیکن آج یہاں پر بسنے والوں سمیت اب خواتین گھروں میں بھی محفوظ نہیں گزشتہ دنوں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے نوشکی کے علاقے کلی مینگل آباد میں رہائش پذیر سرکاری ملازمہ حنیفہ بی بی اور حفصہ بی بی کو گھر میں گھس کر موت کے گھاٹ اتارنے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے مذکورہ خاندان سیلاب سے متاثرہ تھے پاک فوج کے تعاون سے ان کا گھر بحال ہوا تھا لیکن انہیں گھر میں گھس کر قتل کرنے والے دہشت گرد بلوچ قوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے اور گھروں میں حملہ کرکے خواتین کو قتل کرنا کونسی بلوچیت ہے۔ فتنہ الہندوستان صرف سکیورٹی فورسز نہیں بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں اور چھپ کر وار کرتے ہیں ان کا قلع قمع کرنے کے لیے سکیورٹی فورسز اپنا کام کر رہی ہیں ان کی شناخت کیلئے عوام کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب نے ملکر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے دشمنوں کو شکست دیکر امن کو قائم کرنا ہے فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں ہم سب نے دہشتگردوں کے خلاف یک زبان اور متحد ہو کر بولنا ہے آج انسانی حقوق کی تنظیمیں ماں بیٹی کے قتل پر کیوں خاموش ہے اب ان کی انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہیں ہو رہی انہوں نے کہا کہ اس بزدلانہ حملے میں ملوث افراد کو قانون کو کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ یہ کوئی حقوق کی جنگ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کی جنگ ہے۔

بقیہ 01

کے باعث غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی دشوار ہو گیا حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اقتدار اور کرپشن کے تحفظ میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی مہنگائی بے روزگاری غربت اور معاشی بدحالی کی سنگین صورتحال سے دوچار ہیں صوبے کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کے بجائے بدعنوانی کی نذر کیا جا رہا ہے عوام بنیادی ضروریات زندگی کے حصول کے لیے دربدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے پر علی بابا چالیس چوروں کا ٹولہ مسلط ہے جسے عوامی مسائل کے حل کے بجائے کرپشن اور ذاتی مفادات سے فرصت نہیں۔ آٹے چینی اشیائے خورونوش اور دیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث کئی خاندان شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں اور بعض افراد انتہائی مایوس کن حالات میں خودکشی کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارڈرز کی بندش، تجارت پر قدغنوں اور شاہراہوں پر عدم تحفظ کے باعث بلوچستان کی معاشی و تجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔ ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابستہ ہونے کے باوجود حکمران اس سنگین صورتحال کے مستقل اور موثر حل کے لیے سنجیدہ اقدامات نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ شیشے کے محلوں میں بیٹھے حکمرانوں کو عوام کی بھوک، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا ادراک نہیں عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ حکومت محض بیانات اور نمائشی اقدامات کے بجائے آٹے سمیت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں فوری کمی مصنوعی مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کے خاتمے، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور بارڈر و تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کرے

بقیہ 02

بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ڈائریکٹر میرین فشریز گوادر احمد ندیم، اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو ولاوری، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی پسنی عادل بشیر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز پسنی شاہ زیب، ایس ایچ او پسنی حیات شاکر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ فہد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز پسنی اسد غالب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز پسنی میر خالد کلمتی، ماہیگیر رہنما ناخدا صغیر احمد عبدالغفور، ماہیگیر رہنما ناخدا عبدالرزاق بلوچ، حق دو تحریک گوادر کے سابق چیئرمین شریف میانداد، حق دو تحریک کے مرکزی ماہیگیر رہنما عزیز اسماعیل اور حق دو تحریک گوادر کے رہنما و پی ایس ایم پی اے گوادر وسیم صمد سمیت دیگر متعلقہ حکام اور ماہیگیر برادری کے افراد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران گرین بوٹ اسکیم کی قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب ہونے والے 20 خوش نصیب ماہیگیروں کو گرین بوٹس حوالے کی گئیں۔ گرین بوٹس کی فراہمی کا مقصد مقامی ماہیگیروں کو سہولت فراہم کرنا اور انہیں اپنے روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس کے علاوہ سمندری طوفان سے متاثر ہونے والے 82 ماہیگیروں میں بھی امدادی چیکس تقسیم کیے گئے۔ ڈائریکٹر میرین فشریز گوادر احمد ندیم اور دیگر حکام نے ماہیگیروں کی موجودگی میں امدادی چیکس مستحقین کے حوالے کیے۔ اس موقع پر ماہیگیر رہنماؤں نے گرین بوٹس کی فراہمی اور سمندری طوفان سے متاثرہ ماہیگیروں کی مالی معاونت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ماہیگیر بلوچستان کی ساحلی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، اس لیے ان کے روزگار، کشتیوں اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے مزید عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ تقریب میں موجود ماہیگیروں نے امید ظاہر کی کہ حکومت، محکمہ فشریز اور ضلعی انتظامیہ مستقبل میں بھی ساحلی علاقوں کے ماہیگیروں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے فلاحی اور ترقیاتی اقدامات جاری رکھیں گے۔ پسنی کے ماہیگیروں کے لیے گرین بوٹس کی فراہمی اور طوفان متاثرین میں امدادی چیکس کی تقسیم کو ماہیگیر برادری کے لیے ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 03

کی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان آج تاریخ کے اس موڑ پر کھڑا ہے جہاں اس سرزمین پر بسنے والے ہر شخص کو اس مٹی و حقوق کا دفاع، وطن کے امن، خوشحالی، ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایسے بھی سیٹلرز ہیں جو چھ چھ پشتوں سے یہاں آباد ہیں، سرزمین بلوچستان نے ان کو پناہ دی ہوئی ہے، بلوچستان نے سیٹلرز کو سینہ سے لگا کر ان کو یہاں روزگار دیا، یہاں سے سیٹلرز، اراکین اسمبلی منتخب ہوئے اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز ہیں بلوچستان پر ان کا بھی حق ہے وہ اس تقسیم سے باہر نکل کر آگے آئیں اور لوگوں کو بتائیں کہ بلوچستان ان کی بھی سرزمین ہے ان کے آباؤ اجداد، بزرگوں کی قبریں یہاں ہیں، کئی پشتوں سے آباد سیٹلر سرزمین کی ترقی، خوشحالی، امن اور جعلی سیاسی عمل کا راستہ روکنے اور بلوچستان کی ترقی خوشحالی اور امن کیلئے اپنا کردار ادا کریں اور ان لوگوں سے دور رہیں جنہوں نے انہیں سیٹلرز کی آڑ میں بلوچستان کے اجتماعی قومی امور سے دور رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کوشش کی کہ یہاں آباد قدیم سیٹلرز کو بلوچستانی قرار دے کر بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کا حصہ بنائیں لیکن جنہوں نے تقسیم کی بنیاد پر سیٹلرز سے ووٹ لیا انہوں نے بھی یہ کوشش نہیں کی کہ آپ کو اس سماج کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ تقسیم میں اس سرزمین کا نقصان ہے بلوچستان میں آباد برادریاں، اقلیتیں صوبے کے حقوق کے ساتھ ساتھ اپنے حق کیلئے بھی آواز بلند کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں جعلی سیاسی ماحول، جعلی سیاسی جماعتیں اور لوگوں کو ابھارا گیا جو سرزمین مخالف ایجنڈے پر عملدرآمد کر رہے ہیں اسمبلی میں موجود سیاسی جماعتوں نے جعلی قانون سازی کے ذریعے آئندہ نسلوں کے وسائل کو فروخت کیا، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے ذریعے سرزمین کے وسائل کو فروخت کیا گیا، ہماری کوششوں سے وہ قانون دوبارہ اسمبلی میں آیا لیکن کئی ماہ گزرنے کے باوجود اس قانون پر بات نہیں ہوئی، جعلی سیاسی عمل اور مقامی ہوٹل پراجیکٹ کے تحت اس صوبے پر مسلط کی گئی غیر نمائندہ اسمبلی میں یہ صلاحیت نہیں کہ وہ اس سرزمین کے حقوق کا دفاع کرے اس لیے ہم نے عوامی اسمبلی کے انعقاد کا فیصلہ کیا اور جرگہ میں ہم اپنے مسائل کو اجاگر کر رہے ہیں۔

بقیہ 04

پوری قوم، خصوصاً اہل بلوچستان اور ضلع ژوب کے عوام کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست ہمارے لیے صرف ایک قومی دن نہیں بلکہ آزادی، قربانی، اتحاد، عزم اور پاکستان سے وفاداری کی تجدید کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمارے بزرگوں نے ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دیں اور آج پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سردار زادہ اسمعیل خان لونی اور قبائلی رہنما ملک جلندر خان لونی نے کہا کہ پاکستان کی آزادی اور سلامتی کے لیے پاک فوج، پاک ایف سی، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ ہم وطن عزیز کے ان تمام شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک اور قوم کے مستقبل کو محفوظ بنانے میں اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء ہمارے قومی ہیرو ہیں، ان کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں۔ آج ہم ان کے اہل خانہ کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کی جدائی کا دکھ برداشت کیا، مگر وطن کی خاطر ان کی قربانی کو فخر کے ساتھ قبول کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سردار مسعود علی خان لونی اور سردار شیر افضل خان لونی کی قومی، قبائلی اور عوامی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ لونی قوم کے عمائدین ہمیشہ علاقے میں امن، بھائی چارے، قومی یکجہتی اور عوامی خدمت کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کے لیے ہمیں اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا ہوگا۔ بلوچستان سمیت ملک کے ہر حصے میں امن، تعلیم، صحت، روزگار اور ترقی کے مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خصوصاً نوجوان نسل کو تعلیم، شعور اور مثبت سوچ کے ذریعے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ تعلیم یافتہ محمد نعمان لونی ولد ملک جلندر خان لونی نے اپنے پیغام میں کہا کہ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور انہیں چاہیے کہ وہ اپنی توانائیاں تعلیم، تحقیق، خدمت خلق اور ملک کی ترقی کے لیے وقف کریں۔ ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور متحد نوجوان نسل ہی پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کر سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن پاکستانی ہیں اور انہوں نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور قومی وحدت کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرنا ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ آخر میں سردار زادہ اسمعیل خان لونی، قبائلی رہنما ملک جلندر خان لونی اور تعلیم یافتہ محمد نعمان لونی ولد ملک جلندر خان لونی نے قوم سے اپیل کی کہ جشن آزادی کو جوش و جذبے کے ساتھ مناتے ہوئے قومی اتحاد، قانون کی پاسداری اور امن و بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے، وطن عزیز کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے، پاک فوج، ایف سی، پولیس اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں کو اپنی حفاظت میں رکھے اور وطن کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے۔

بقیہ 05

چیئرمین بشیر احمد بنگلزئی، ایم ایس شبیر احمد مینگل، ڈی ایچ او خضدار، انجینئر نیاز زہری، انجینئر یونس رمضان موسیانی سمیت ضلع خضدار کے اعلیٰ افسران کے ہمراہ جھالاوان ٹیچنگ ہسپتال خضدار کا اہم و تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری نے BSDI اقدام کے تحت بحال کیے گئے آپریشن تھیٹرز کا باقاعدہ افتتاح کر لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، علاج معالجے کے انتظامات اور ہسپتال کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ہسپتال کے مختلف شعبوں میں موجود افسران اور عملے سے ملاقاتیں کی، ان کی کارکردگی اور عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا اور ہسپتال میں مزید بہتری کے لیے ضروری اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے ہسپتال میں جاری ترقیاتی و طبی اقدامات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال خضدار ڈاکٹر شبیر احمد مینگل نے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کو تفصیلی بریفنگ دی۔ ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ خضدار کے عوام کو صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کو فعال و موثر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ہسپتال میں موجود سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ دورے کے اختتام پر میر یونس عزیز زہری نے ضلعی انتظامیہ اور ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے عوامی خدمت اور اداروں کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کو سراہا۔ اور اس کے علاوہ ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے ہسپتال میں موجود چلڈرن وارڈ کا بھی دورہ کیا اور ہسپتال میں نئے بننے والی دیگر پروجیکٹس پر جاری کام کا معائنہ کیا اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کا ضلعی آفسران کے ہمراہ BSDI کے توسط سے بننے والے آپریشن تھیٹر کا افتتاح کرتے ہوئے دعائیں خیر کئے۔

بقیہ 06

کاروں کے تعاقب میں روانہ ہو گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق ضلع جھل مگسی تھانے کی حدود ''انفور'' میں واقع نوابزادہ میر ظفر علی مگسی کے کرش پلانٹ پر درجنوں نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا۔ حملہ آور کرش پلانٹ پر موجود مقامی ٹھیکیدار اور ان کے چار ساتھیوں کو گاڑی سمیت اغوا کر کے فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری اور مگسی قبیلے کے سینکڑوں مسلح افراد ملزمان کے تعاقب میں نکل پڑے۔ پولیس کی جانب سے ضلع جھل مگسی کے تمام داخلی و خارجی راستوں کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے، جبکہ مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 07

مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں عزیز و اقارب سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں، ملکان، سرداران، علما کرام، وکلاء، اساتذہ کرام اور زندگی کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والوں نے شرکت کی۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی نے مرحوم سیٹھ حاجی عبدالغفار خان کے قومی اور سیاسی زندگی پر روشنی ڈالی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور جنازہ میں شرکت کرنے والوں کو جزائے خیر دے۔

بقیہ 08

گزشتہ روز جعفر آباد کے علاقے تھانہ لعل فارم کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا پولیس نے 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا اور انہیں ہسپتال منتقل کر دیا۔ اور ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 09

مضبوط کرے اور علامہ اقبال کے افکار کی روشنی میں اپنی خودی کو بیدار کرے، پاکستان مائنارٹیز موومنٹ اپنی مدد آپ کے تحت نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل مہارتوں، جدید ٹیکنالوجی اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہی ہے تاکہ پاکستان کے نوجوان عالمی ڈیجیٹل معیشت میں اپنا مقام بنا سکیں۔ فری لانسنگ، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس اور دیگر جدید شعبوں میں مہارت حاصل کرنے والے نوجوان ملک کیلئے قیمتی انسانی سرمایہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اور ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار اور جدید ٹیکنالوجی کے مواقع اور ضروری وسائل فراہم کیے جائیں تو یہی نوجوان پاکستان کو ترقی یافتہ، خوشحال اور مضبوط ملک بنانے میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اعتماد، جدت اور بہترین کارکردگی کو اپنا شعار بنائیں کیونکہ پاکستان کا روشن مستقبل باصلاحیت ہنرمند نوجوانوں سے وابستہ ہے، نوجوان مایوسی کے بجائے امید، علم، محنت اور جدوجہد کا راستہ اختیار کرتے ہوئے اپنے خوابوں کو عزم، مسلسل محنت اور قومی یکجہتی کے ساتھ جوڑ دیں تو پاکستان کو ایک مضبوط، خود انحصار اور خوشحال ریاست بنانے کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا۔

بقیہ 10

کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر بدقسمتی سے یہاں کے عوام کو ریلوے کی مناسب اور سستی سفری سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ متعدد ٹرینوں کی بندش سے عام مسافر، مزدور، طلبہ، مریض، کاروباری افراد اور دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ریلوے کا سفر عام آدمی کے لیے نسبتاً سستا، محفوظ اور قابل اعتماد ذریعہ ہے، اس لیے بلوچستان میں ٹرینوں کی بحالی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یونین رہنماؤں نے بالخصوص مطالبہ کیا کہ بولان میل کوئٹہ ڈویژن سے کراچی تک فوری طور پر بحال کیا جائے۔ بولان میل بلوچستان کے عوام کے لیے کراچی سمیت سندھ کے دیگر علاقوں تک سفر کا ایک اہم ذریعہ رہی ہے۔ اس ٹرین کی بحالی سے نہ صرف مسافروں کو سہولت ملے گی بلکہ بلوچستان کے عوام کا ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ سفری رابطہ بھی مزید مضبوط ہوگا۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سے جنوبی پنجاب اور پنجاب کے دیگر علاقوں تک ریلوے رابطہ بحال کرنے کے لیے چلتن ایکسپریس یا نواب اکبر بگٹی ایکسپریس کو بحال کیا جائے، تاکہ جیکب آباد جنکشن کے ذریعے کشمور، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد اور لاہور تک بلوچستان کے عوام کو براہ راست یا بہتر سفری سہولت میسر آ سکے۔ رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو ملک کے دیگر صوبوں کے برابر سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت اور محکمہ ریلوے کی ذمہ داری ہے۔ ٹرینوں کی بحالی سے نہ صرف مسافروں کو سہولت ملے گی بلکہ ریلوے کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ پاکستان ریلوے ورکرز یونین نے حکومت اور ریلوے انتظامیہ سے یہ بھی پرزور مطالبہ کیا کہ محکمہ ریلوے کی تمام خالی آسامیوں کو فوری طور پر پُر کیا جائے اور میرٹ و شفاف طریقہ کار کے تحت بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ یونین رہنماؤں کا کہنا تھا کہ ریلوے میں اسٹاف کی کمی کے باعث موجودہ ملازمین پر کام کا اضافی بوجھ پڑ رہا ہے۔ کئی شعبوں میں ملازمین کی کمی کے باعث ریلوے کے روزمرہ امور، ٹرینوں کی دیکھ بھال، سگنلز، پاور ہاؤس، ٹریک اور دیگر اہم شعبہ جات متاثر ہو رہے ہیں۔ خالی آسامیوں پر بھرتیاں کرنے سے نہ صرف بے روزگار نوجوانوں کو روزگار ملے گا بلکہ ریلوے کا نظام بھی مزید بہتر اور مؤثر انداز میں چلایا جا سکے گا۔ انہوں نے وفاقی حکومت، وزیر ریلوے، ریلوے انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور ریلوے ملازمین کے دیرینہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، بند ٹرینوں کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، بالخصوص بولان میل کوئٹہ تا کراچی بحال کی جائے اور کوئٹہ سے جنوبی پنجاب و پنجاب تک ریلوے رابطہ بحال کیا جائے۔ اس مشترکہ بیان میں پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے سینئر نائب صدر عرفان جان، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید مینگل، وائس چیئرمین حسن خان کھتران، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عاقل خان بگٹی، سگنلز یونٹ کے صدر رضا محمد کھوسہ اور پاور ہاؤس یونٹ کے صدر طارق شاہ نے بھی مطالبات کی بھرپور حمایت کی۔ یونین رہنماؤں نے آخر میں کہا کہ پاکستان ریلوے قومی ادارہ ہے اور اسے مضبوط بنانا ملک کے مفاد میں ہے۔ حکومت بلوچستان کے عوام کی آواز پر فوری توجہ دیتے ہوئے تمام بند ٹرینوں کو بحال کرے، ریلوے کی خالی آسامیوں پر بھرتیاں کرے اور ملازمین کو بہتر سہولیات فراہم کرے تاکہ ریلوے کا ادارہ مزید ترقی کر سکے اور عوام کو معیاری سفری سہولیات میسر آ سکیں۔

بقیہ 11

سیلز ٹیکس وصول کریں، بروقت ریٹرن فائل کریں اور واجب الادا ٹیکس مقررہ مدت میں جمع کرائیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سروس فراہم کنندگان کی قانونی ذمہ داری ہے، جبکہ مؤثر ٹیکس تعمیل، شفافیت اور بروقت ٹیکس ادائیگی صوبے میں محصولات کے فروغ اور بلوچستان کی ترقی کیلئے اہم ہیں۔

بقیہ 12

اساتذہ، انتظامی افسران اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ ملٹی پرپز ہال میں طلبہ نے تقاریر اور ملی نغمے پیش کیے، جبکہ کلچر نائٹ میں علاقائی ثقافت کو اجاگر کیا گیا۔ جبکہ اگست کو ایڈمنسٹریشن بلاک کے سامنے پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی، جس کے بعد گرین پاکستان مہم کے تحت شجر کاری بھی کی گئی۔ تقریبات کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر نقیب اللہ جوگیزئی کی کاوشوں کو وائس چانسلر نے سراہا۔ تقریبات میں نوجوانوں نے وطن سے محبت اور قومی یکجہتی کے جذبے کا بھرپور اظہار کیا۔

بقیہ 13

اللہ اور محی الدین کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل، پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیے اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزم ستان کو گرفتار کر لیا جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 18 افغان باشندوں اور 19 نشے کے عادی افراد کو حراست میں لے لیا ہزارہ ٹاؤن پولیس نے نامزد ملزم غوث بخش اور غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا جبکہ کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی اس کے علاوہ ایس ایچ او شالکوٹ عادل شاہ نے کارروائی کرتے ہوئے کرایہ داری ایکٹ میں ملوث نصیب اللہ اور غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا 25 موٹر سائیکلوں کے خلاف بغیر نمبر پلیٹ کے کارروائی کی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 14

آیا ہے۔ افغان شہریوں نے طالبان کے دور اقتدار کو ملک میں بڑھتی ہوئی بدحالی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات سے جوڑتے ہوئے حکومت کی کارکردگی پر سخت تنقید کی ہے۔ افغانستان کے مختلف شہروں سے جاری ہونے والے ویڈیو پیغامات میں شہریوں نے طالبان حکومت کے طرز حکمرانی اور ملکی حالات پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ جلال آباد سے ایک افغان شہری نے اپنے ویڈیو پیغام میں دعویٰ کیا کہ طالبان کے پانچ سالہ دور حکومت نے افغانستان کو کئی دہائیاں پیچھے دھکیل دیا ہے۔ مذکورہ شہری نے طالبان حکومت پر بیرونی قوتوں کے مفادات کے لیے کام کرنے کے الزامات بھی عائد کیے اور دعویٰ کیا کہ موجودہ نظام کے خلاف عوامی ناراضی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ دوسری جانب قندھار سے سامنے آنے والے ایک ویڈیو پیغام میں ایک شہری نے بھوک اور بے روزگاری سمیت معاشی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے افغان عوام سے طالبان حکومت کے خلاف متحد ہونے کی اپیل کی۔ افغان شہری کا کہنا تھا کہ انفرادی طور پر جدوجہد کرنے کے بجائے عوام کو متحد ہو کر اپنے مسائل کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے۔ شہری نے طالبان حکومت کو ملک کی موجودہ صورتحال کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ طالبان نے افغانستان کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ افغان شہریوں کی جانب سے سامنے آنے والے یہ ویڈیو پیغامات افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف موجود عوامی بے چینی، معاشی مشکلات اور روزگار کے بحران پر بڑھتے ہوئے تحفظات کی عکاسی کرتے ہیں۔ تاہم، انفرادی ویڈیو بیانات میں کیے گئے سیاسی الزامات اور دعوؤں کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں کی جا سکی۔

بقیہ 15

تھی اور رابطے کی متعدد کوششوں کا جواب نہیں دیا تھا۔ قطری وزارت خارجہ کے ترجمان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں کہا کہ بعدازاں تلاش اور امدادی ٹیموں نے ایک پائلٹ کی باقیات دریافت کیں اور ان کی حوالگی کے لیے ایرانی حکام سے رابطہ کیا گیا۔ قطری ترجمان کے مطابق تہران کو آپریشن سے متعلق تفصیلات کا جائزہ لینے کی دعوت بھی دی گئی، تاہم ایران کی جانب سے ابھی تک اس دعوت کا جواب نہیں دیا گیا۔ دوسری جانب ایرانی فوجی حکام نے قطر سے مطالبہ کیا ہے کہ ایرانی ماہرین اور تحقیقاتی ٹیم کو ملک میں داخل ہو کر ایرانی پائلٹس کے معاملے کی تحقیقات کی اجازت دی جائے۔ ایرانی مسلح افواج کے جنرل اسٹاف کی کمیٹی برائے تلاش لاپتا افراد کے کمانڈر محمد باقرزادہ نے کہا کہ فضائیہ اور حقائق جانچنے والی ٹیم کئی ماہ سے قطر میں داخل ہونے کی منتظر ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق انہوں نے قطری حکام پر تحقیقات میں بار بار تاخیر اور پائلٹس کی ایران واپسی روکنے کا الزام عائد کیا۔ باقرزادہ نے انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس سے بھی معاملے کا فوری نوٹس لینے اور تحقیقات میں کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے بھی دعویٰ کیا کہ قطر ایرانی ماہرین اور تحقیقاتی کمیٹی کو پائلٹس کے انجام سے متعلق تحقیقات کی اجازت نہیں دے رہا۔ پاسداران انقلاب نے قطر سے مطالبہ کیا کہ پائلٹس کی حراست سے متعلق معاملے کی تردید کرنے کے بجائے ایرانی ماہرین کو تحقیقات کے لیے قطر آنے کی اجازت دی جائے۔ قطر کا موقف ہے کہ ایرانی طیاروں کی جانب سے اس کی فضائی حدود میں داخل ہونے کے بعد ملکی حدود کے دفاع کے لیے اقدامات کیے گئے، جبکہ پائلٹس نے قطری حکام کی جانب سے رابطے کی کوششوں کا جواب نہیں دیا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب خطے میں ایران، اسرائیل اور امریکا کے درمیان شدید کشیدگی جاری ہے اور ایران و امریکا کے درمیان حملوں کے نتیجے میں تنازع نے خلیجی خطے تک وسیع اثرات پیدا کیے ہیں۔

بقیہ 16

ب محمد اکبر خان بگٹی کی سیاسی جدوجہد، جمہوری فکر، اصولی سیاست اور بلوچستان کے عوام کے لیے ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کی سیاسی زندگی بلوچستان کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔ انہوں نے جمہوریت، آئینی و پارلیمانی سیاست اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد کو ہمیشہ اہمیت دی۔ جمہوری وطن پارٹی نے اپنے قیام سے لے کر آج تک بلوچستان کے سیاسی، جمہوری اور قومی مسائل کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کی شہادت کے بعد مرحوم نوابزادہ طلال اکبر بگٹی نے جمہوری وطن پارٹی کے پرچم کو بلند رکھا اور اپنے والد کے سیاسی نظریے اور جدوجہد کو آگے بڑھانے کی بھرپور کوشش کی۔ طلال اکبر بگٹی کی وفات کے بعد نوابزادہ شازین بگٹی اور نوابزادہ گہرام بگٹی، جو شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کے پوتے اور مرحوم نوابزادہ طلال اکبر بگٹی کے صاحبزادے ہیں، نے بھی پارٹی کی سیاسی جدوجہد کو آگے بڑھانے اور پارٹی کے پرچم کو بلند رکھنے میں اپنا کردار ادا کیا۔ جمہوری وطن پارٹی ایک ایسی جمہوری سیاسی جماعت ہے جو جمہوری اقدار، سیاسی جدوجہد اور عوامی حقوق پر یقین رکھتی ہے۔ پارٹی بلوچستان کے موجودہ حالات پر بھرپور توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے اور بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، محرومیوں اور مشکلات کے حل کے لیے اپنی سیاسی آواز بلند کرتی رہے گی۔ یوم تاسیس کے موقع پر کارکنان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی کی جمہوری سوچ، سیاسی فلسفے اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے ان کی جدوجہد کو آگے بڑھایا جائے گا۔ موجودہ حالات میں سادگی سے یوم تاسیس منانا اس بات کا اظہار ہے کہ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان کے عوام کے دکھ، مشکلات اور موجودہ صورتحال کو محسوس کرتی ہے اور ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ جمہوری وطن پارٹی کے کارکنان نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پارٹی کے جمہوری نظریے اور سیاسی جدوجہد کے پرچم کو ہمیشہ بلند رکھا جائے گا اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے پرامن، جمہوری اور سیاسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 17

وم میں آئے ہوئے 79 سال ہو چکے ہیں اور پوری قوم نے جوش اور جذبے کے ساتھ یوم آزادی منایا ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں آزادی کی قدر کرنی چاہئے کیونکہ آزادی ہر ذی شعور انسان کا حق ہے اور زندہ قومیں ہی آزادی کے لیے جدوجہد کرتی ہے اور ہمیں آزادی کو بھرپور طریقے سے منانا چاہئے کیونکہ پاکستان ایک آزاد و خودمختار ایٹمی اسلامی ملک ہے جو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ قدرتی وسائل اور اس میں بسنے والوں کو بہت سی صلاحیتوں سے نواز رکھا ہے ہمیں اپنی صلاحیتوں کو منفی سرگرمیوں کی بجائے مثبت سرگرمیوں پر صرف کرنا چاہئے تاکہ ہم ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں اور ہمیں ایک قوم بن کر ملک کے استحکام سلامتی اور مضبوطی کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا جب ہم متحد ہوں گے تو ہمارے دشمن بھی ہم سے ڈریں گے اس لئے اتحاد اور یکجہتی میں ہی طاقت ہے۔

بقیہ 18

پہاڑی علاقے میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی قابل تحسین ہے، آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے مختلف ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 10 دہشت گردوں کو ہلاک جبکہ متعدد کو زخمی کیا معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آپریشن کے بعد علاقے میں سرچ اینڈ کلیئرنس کارروائیوں کا جاری رہنا اس امر کا ثبوت ہے کہ سیکیورٹی فورسز دہشت گرد عناصر کے خلاف مکمل عزم کے ساتھ کارروائیاں کر رہی ہیں۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کی تلاش بھی جاری ہے اور انہیں قانون کی گرفت میں لانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں شاہد رند نے کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کا تعاقب جاری رہے گا اور امن دشمنوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔

بقیہ 19

تعلیم امان اللہ بابر پروفیسر محمد اقبال قمر محمد رمضان سپرنٹنڈنٹ ثناء اللہ اور دیگر نے شرکت کی اس دوران یوم آزادی کی خوشی میں کیک کاٹا گیا اس موقع پر مقررین نے آزادی کی اہمیت ملکی ترقی اور تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر وزیر خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے نتیجے میں حاصل کیا گیا اس لیے ہمیں ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے تعلیم کو ملک کی ترقی کی بنیاد قرار دیتے ہوئے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تقریب میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر کے افسران، عملے اور طلبہ نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا بھی کی گئی

بقیہ 20

ماہ نور کے نام سے منسوب نئے اور آراستہ گائنی وارڈ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ افتتاحی تقریب کے بعد ایم ایس ڈاکٹر سیف اللہ خان مری نے ہسپتال کے دیگر شعبہ جات کے ہمراہ نئے وارڈ کا تفصیلی معائنہ بھی کیا۔ نئے گائنی وارڈ کی تعمیر و فعال سازی کے نتیجے میں مقامی خواتین مریضوں کے لیے ایک بہترین، پاکیزہ اور باعزت طبی ماحول فراہم کیا گیا ہے۔ اس نئے بلاک میں دوران حمل باقاعدہ معائنے، نارمل ڈیلیوری، پیچیدہ زچگی کے کیسز، اور خواتین کے مختلف امراض کی درست تشخیص و علاج کی تمام جدید سہولیات یکجا کر دی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ قبل از پیدائش (Antenatal Care) اور بعد از پیدائش (Postnatal Care) کی مکمل دیکھ بھال کے ساتھ ساتھ نومولود بچوں کی ابتدائی حفاظت کے لیے بھی خصوصی تدابیر اختیار کی گئی ہیں۔ وارڈ میں چوبیس گھنٹے ماہر لیڈی ڈاکٹرز، تربیت یافتہ نرسنگ سٹاف اور معاون طبی عملہ تعینات رہے گا۔ ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے مریضوں کے لیے پرسکون بستروں کا نظم، تمام ضروری طبی آلات، ایمرجنسی ادویات اور کسی بھی غیر متوقع طبی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹنے کے لیے ایمرجنسی ریسپانس سسٹم کو مکمل طور پر فعال بنا دیا گیا ہے۔ گائنی وارڈ کے اس باقاعدہ قیام سے ضلع ہرنائی اور اس کے گردونواح کے تمام دور دراز علاقوں سے آنے والی خواتین کو اپنے ہی ضلع کے اندر معیاری طبی علاج و معالجے کی سہولت میسر آ سکے گی۔ اس اہم اقدام کی بدولت علاقے کی غریب اور نادار عوام کو زچگی کے موقع پر کوئٹہ یا دیگر بڑے شہروں کے کٹھن اور مہنگے سفر کی زحمت سے نجات مل سکے گی، جبکہ بروقت اور بہترین نگہداشت کے باعث زچگی کے دوران ماں اور بچے دونوں کی سلامتی کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔

بقیہ 21

صفائی آپریشن کا خود موقع پر جائزہ لیا اور صفائی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات دیں۔ میئر میونسپل کارپوریشن حاجی حبیب اللہ اچکزئی، اے ڈی سی فدا بلوچ، تحصیلدار اور دیگر متعلقہ افسران نے بھی مختلف علاقوں میں جاری صفائی مہم کی نگرانی کی۔ میونسپل کارپوریشن اور لوکل گورنمنٹ کے عملے نے ہیوی مشینری، ایکسیویٹر، ٹرکوں اور ٹریکٹروں کے ذریعے سڑکوں، گلیوں اور مختلف مقامات سے کچرا اور ملبہ اٹھا کر شہر سے باہر منتقل کیا۔ صفائی مہم کا مقصد چمن شہر کو صاف، ستھرا اور شہریوں کے لیے بہتر و صحت مند ماحول فراہم کرنا ہے، جس کے لیے صفائی آپریشن کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 22

ئٹہ کے تحصیلوں کے کانفرنسز کے انعقاد کو زیر غور لایا گیا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی اور صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمن بازئی نے شرکت کی۔ اجلاس میں جنوبی پشتونخوا بالخصوص کوئٹہ شہر کے شہریوں کو درپیش سنگین صورتحال کو زیر غور لایا گیا۔ کوئٹہ کے ہنہ اوڑک، چشمہ کاریز، سرہ غوڑگئی، منگلہ، کچلاغ، الفرگ، نوحصار سمیت دیگر علاقوں میں جاری بدامنی، خوف و ہراس کی صورتحال نے عوام کو نہ صرف ذہنی کوفت کا شکار بنا دیا ہے بلکہ کوئٹہ شہر میں کاروبار، تجارتی سرگرمیاں مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے اسی طرح خوف و ہراس کے باعث والدین اپنے بچوں کو تعلیمی اداروں کو بھیجنے، سرکاری و نجی ملازمین کا اپنے روزگار پر جانے اور محفوظ طور پر واپس اپنے گھروں کو پہنچنا سوالیہ نشان بن چکا ہے۔ جس کے ذمہ دار موجودہ فارم 47 کی نااہل، ناکام مسلط حکومت ہے جس نے تقریباً ڈھائی سال میں اپنی تمام ترجیحات کرپشن، کمیشن، بھتہ، اقربا پروری، سیاسی بنیادوں پر ملازمین کے ٹرانسفر، او ایس ڈی کرنے، سرکاری ملازمتوں میں میرٹ کو پامال کر کے اقربا پروری اور خرید و فروخت پر توجہ دی ہے جس کے باعث حکومت عوام کے اصل مسائل کو حل کرنے میں غیر سنجیدہ ہے اور آج شہری انسانی زندگی کے بنیادی سہولیات تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، گیس، بجلی، روزگار سے محروم ہیں۔ جبکہ دوسری جانب سخت ترین بدامنی، خوف و ہراس، بدترین بیروزگاری، تجارت پر قدغن کی صورتحال نے عوام کو نہ صرف معاشی طور پر بلکہ معاشرتی طور پر بھی سخت مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل سریاب کی کانفرنس 11 ستمبر بروز جمعہ، صدر تحصیل کانفرنس 13 ستمبر بروز اتوار، کچلاغ تحصیل کانفرنس 18 ستمبر بروز جمعہ، سٹی تحصیل کانفرنس 23 ستمبر بروز بدھ اور 25 ستمبر بروز جمعہ کو منعقد ہوں گے۔ جبکہ کوڑاں کلی عمر علاقائی یونٹ کانفرنس 21 ستمبر بروز پیر کو منعقد کیا جائیگا۔ پارٹی ضلع کوئٹہ کے تمام ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی اور کارکنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صدر، سٹی، سریاب، کچلاغ کے تحصیل کانفرنسز کی تیاریوں کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں اور جمہوری انداز میں کانفرنسز کے انعقاد کو پارٹی نظم و ضبط پر عملدرآمد کرتے ہوئے یقینی بنائے۔ اسی طرح پشتون قومی جرگہ کے تیاری کے سلسلے میں بالا پارٹی کی ہدایات کے مطابق جو فیصلے ہوں گے ان پر عملدرآمد تمام ضلع ایگزیکٹیوز و ضلع کمیٹی کے اراکین اور کارکن پابند ہوں گے۔

بقیہ 23

ولا برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق 11 اگست 2026 کو ٹویوٹا کرولا کراچی کے علاقے شاہین کمپلیکس مین روڈ تھانہ آرام باغ صدر ڈویژن ضلع ساؤتھ کراچی کی حدود سے چوری ہوئی تھی۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی اور انچارج 15 مددگار سینٹر نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ گاڑی برآمد کر لی۔ برآمد ہونے والی گاڑی ٹویوٹا کرولا ماڈل 2012، بلیک رنگ، رجسٹریشن نمبر 5028-LEC، لاہور رجسٹریشن کی حامل ہے۔ نصیرآباد پولیس نے گاڑی کی برآمدگی سے متعلق متعلقہ کراچی پولیس کو اطلاع دے دی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 24

مبینہ اغوا کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ لواحقین کے مطابق دونوں کو 13 اگست کو رباڑہ کے مقام پر مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغوا کیا، جس کے بعد سے ان کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں مل سکی۔ اہل خانہ کے مطابق دونوں نوجوانوں کی رہائی کے لیے مقامی وفود کے ذریعے متعلقہ افراد سے رابطہ کیا گیا، تاہم تاحال ان کی بازیابی ممکن نہیں ہو سکی۔ متاثرہ خاندانوں نے اب قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بھی مدد کی اپیل کرتے ہوئے دونوں نوجوانوں کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا ہے۔ لواحقین کا کہنا ہے کہ سردار زاہد اور سردار اکرم منصف کو مبینہ طور پر ان کے سیاسی و نظریاتی موقف کی بنیاد پر نشانہ بنایا گیا۔ تاہم ان الزامات کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ دوسری جانب مقامی ذرائع کی جانب سے راولاکوٹ اور گردونواح میں مسلح افراد کی مبینہ ناکہ بندیوں اور شہریوں کو ہراساں کیے جانے کے دعوے بھی سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق رباڑہ، ڈی چوک راولاکوٹ، کھائی گلہ اور تولی پیر روڈ سمیت مختلف مقامات پر مسلح افراد کی موجودگی کی اطلاعات ہیں۔ مقامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بعض افراد کو ان کے سیاسی و نظریاتی خیالات کی بنیاد پر مبینہ طور پر دھمکایا اور ہراساں کیا جا رہا ہے، جبکہ بعض گھروں کو نقصان پہنچانے کی دھمکیوں کے دعوے بھی سامنے آئے ہیں۔ متاثرہ خاندانوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سردار زاہد اور سردار اکرم منصف کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے اور مبینہ اغوا میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ واقعے سے متعلق تمام دعوؤں کی آزادانہ تصدیق اور متعلقہ قانون نافذ کرنے والے اداروں یا دوسری جانب کا موقف تاحال سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ 25

خیل کا حصہ رہی ہے۔ یہاں کے لوگوں کے سماجی، تجارتی اور عدالتی معاملات بھی موسیٰ خیل سے وابستہ ہیں۔ اچانک اسے بارکھان میں شامل کرنے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سید امین شاہ قریشین نے حکومت بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ عوامی مفاد اور انتظامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے یونین کونسل رارہ شم کو فوری طور پر دوبارہ ضلع موسیٰ خیل میں اپنی سابقہ پوزیشن پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع موسیٰ خیل کے عوام اس فیصلے کو مسترد کرتے ہیں۔ ہم پرامن اور آئینی طریقے سے اپنا جائز حق مانگتے ہیں۔ اگر ہمارا مطالبہ تسلیم نہ کیا گیا تو ضلع موسیٰ خیل کی عوام اپنے حق کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔

بقیہ 26

ں اور ٹھیکیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل، نئے مالی سال کے بجٹ میں آن گوئنگ اسکیمات کیلئے کم فنڈز مختص کرنے، 30 جنوری 2026ء کو جاری ہونے والی رقم رشوت نہ دینے پر لیپس کرنے سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اہم فیصلے کیا گیا اجلاس میں ہونے والے فیصلوں کا اعلان آئندہ دو، تین روز میں باقاعدہ پریس کانفرنس میں کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میر عبدالسلام لانگو، ملک مجیب مہترزئی، صلاح الدین کبزئی اور دیگر نے کہا کہ محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے 30 جنوری 2026ء کو مکمل ہونے والے ایک منصوبے کیلئے 1 کروڑ 32 لاکھ روپے کی رقم لیپس کی جس کیلئے ٹھیکیدار سے رشوت طلب کی گئی جو نہ دینے پر 30 جون کو فنڈز لیپس کر دیئے گئے جس کی آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں افسوس ہے کہ ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کے خلاف ان سنگین الزامات کے باوجود محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی جانب سے تاحال کوئی موثر کارروائی سامنے نہیں آئی اب ہم باقاعدہ طور پر چیف سیکرٹری بلوچستان کو اپنی شکایت اور تمام متعلقہ حقائق سے آگاہ کریں گے اور امید رکھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان اس معاملے میں ہماری رہنمائی اور دادرسی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن واضح کرنا چاہتی ہے کہ اگر محکمہ کی سطح پر ہماری شکایات کا ازالہ نہیں کیا گیا تو ہم قانونی حق استعمال کرتے ہوئے متعلقہ عدالت عالیہ سے رجوع کریں گے اور ایگزیکٹو انجینئر عبدالغفار مندوخیل کو قانونی نوٹس کے ذریعے اپنے موقف اور کیس سے آگاہ کریں گے ہمارا مقصد کسی فرد کو بلاثبوت بدنام کرنا نہیں بلکہ الزامات کی شفاف، غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی امن وامان کے مسائل، غربت اور بنیادی سہولیات کی کمی کا شکار ہے صوبے کے عوام پانی، بجلی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کے لیے ترس رہے ہیں ایسے حالات میں اگر عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختص سرکاری فنڈز کسی مبینہ غفلت، بدعنوانی یا انتظامی رکاوٹ کے باعث لیپس ہو جائیں تو یہ نہ صرف قومی خزانے کا نقصان ہے بلکہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ بھی ناانصافی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اور اینٹی کرپشن سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ رشوت نہ دینے پر فنڈز لیپس کرنے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائیں اور غفلت کے مرتکب افسران اور عملے کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔

بقیہ 27

نے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کو محکمہ اریگیشن کی جانب سے کاشتکاروں کے وسیع تر مفاد میں اٹھائے جانے والے اقدامات، نصیرآباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ و شفاف تقسیم، نہروں میں پانی کی روانی، آبپاشی نظام کی بہتری اور نہری نظام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ مدثر ظفر کھوسہ نے بتایا کہ محکمہ اریگیشن کی ٹیمیں نہری پانی کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں جبکہ کاشتکاروں کو مقررہ شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنانے، پانی کے ضیاع کی روک تھام، نہروں کی صفائی و مرمت اور پانی چوری کے سدباب کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، تاکہ ٹیل کے کاشتکاروں تک بھی ان کے حصے کا پانی پہنچایا جا سکے۔ ایس ای مدثر ظفر کھوسہ نے صوبائی وزیر کو نصیرآباد ڈویژن کے مختلف نہری علاقوں میں پانی کی طلب و رسد، موجودہ آبپاشی صورتحال، نہری انفراسٹرکچر کو درپیش مشکلات اور ان کے مستقل حل کے لیے محکمہ کی جانب سے مرتب کردہ اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ زراعت بلوچستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، کاشتکاروں کو زرعی پانی کی بروقت اور منصفانہ فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، نہری پانی کی تقسیم میں کسی قسم کی ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی اور ٹیل کے علاقوں تک پانی کی رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے محکمہ اریگیشن کے افسران کو ہدایت کی کہ نہری نظام کی مسلسل نگرانی، پانی کی منصفانہ تقسیم اور کاشتکاروں کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کے لیے فیلڈ میں مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں، تاکہ زرعی شعبے کو درپیش مشکلات کم کر کے کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 28

حاجی محمد خان لہڑی نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ضلعی و ڈویژنل انتظامیہ، سرکاری افسران، سیاسی و سماجی شخصیات، طلباء اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر قومی پرچم لہرایا گیا اور وطن عزیز کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ تقریب میں پاکستان کی آزادی کی جدوجہد اور بانیان پاکستان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر فرد اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا

بقیہ 29

کمیٹی کی کارکردگی صفر رہی ہے منتخب نمائندے ہونے کے باوجود ہم اپنی گلی محلوں اور وارڈوں میں صفائی تک نہیں کر سکتے ہیں وارڈ نمبر 17 کے کونسلر نے اجلاس میں بتایا کہ ہزارہ محلہ کی ایک گلی کے لیے تین بار ٹینڈرز کروا کر رقم نکالی جا چکی ہے ایک کونسلر نے کہا کہ چیف آفیسر مہینے میں صرف دو دن اورلائی آتے ہیں اور ان میونسپل کمیٹی کے ملازمین اور عوام کو اپنے چھوٹے کاموں کے لیے بار بار میونسپل کمیٹی کے چکر لگانے پڑتے ہیں ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ چیف آفیسر کے پاس بیک وقت کئی اضلاع کے چارج ہیں ایک کونسلر نے بتایا کہ جنرل الیکشن کے دوران اسٹریٹ لائٹس کے کھمبے لگائے گئے تھے آج چار سال بیت جانے کے بعد بھی ان کھمبوں پر اسٹریٹ لائٹس نہیں لگائی جا سکیں ہیں ایک کونسلر نے کہا میونسپل کمیٹی کے آمدن کے آٹھ کروڑ روپے کا کوئی حساب کتاب نہیں ہے ایک کونسلر نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے فنڈز کو نیشنل ہائی وے پر لگانا غیر قانونی ہے ایک کونسلر نے کہا کہ سستا بازار میں درجنوں دکانیں اونے پونے داموں اپنے من پسند افراد کو دی گئیں ہیں ایک کونسلر نے کہا کہ مٹن مارکیٹ کی دکانوں کا اوپن ٹینڈر کر کے بولی کروائی جائے۔ ایک کونسلر نے کہا کہ 24.25-23.24 کے ہونے والے کام صرف کاغذی کارروائیوں تک محدود ہیں ایک کونسلر نے کہا کہ کرپشن کی انتہا کر دی ہے موجودہ میونسپل کمیٹی چیئرمین نے چار کروڑ بیانوے لاکھ روپے کی لاگت سے شہر کی مختلف روڈز وغیرہ پر پرانے کھمبوں شمسی سولر لائٹس لگائی گئیں اور اس لائٹس کی مارکیٹ میں قیمت تیرہ ہزار سے پندرہ ہزار روپے ہے اور تین لائٹس کے پچاس لاکھ بنتے ہیں چار کروڑ بیالیس لاکھ روپے کی خرد برد کیئے جا چکے ہیں اسی طرح پرانی بیڑیاں جسکی مالیت 24 لاکھ روپے بنتے تھے صرف 16 لاکھ میں فروخت کی گئیں اور اس رقم کا بھی کوئی حساب کتاب نہیں ہے۔

بقیہ 30

خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے شہید کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

بقیہ 31

کو متاثر کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جو عوام کے بنیادی، آئینی اور جمہوری حقوق کی صریح نفی ہے: جمعیت علماء اسلام بلوچستان واضح کرتی ہے کہ کسی ضلع کی حدود کا تعین بند کمروں اور دفتری فائلوں میں نہیں بلکہ وہاں کے عوام کی تاریخی وابستگی، جغرافیائی حقیقت، معاشرتی رشتوں، انتظامی ضرورت اور اجتماعی مرضی کو سامنے رکھ کر ہونا چاہیے، بالخصوص رڑاشم اور اندر پوڑ جیسے علاقے تاریخی، جغرافیائی، سماجی اور انتظامی اعتبار سے موسیٰ خیل سے گہری وابستگی رکھتے ہیں، انہیں عوامی رضامندی اور زمینی حقائق کے برخلاف کسی دوسرے ضلع میں شامل کرنا ایک غیر فطری اور غیر منصفانہ اقدام ہوگا: افسوسناک امر یہ ہے کہ ضلع موسیٰ خیل پہلے ہی پسماندگی، بے روزگاری، بنیادی سہولیات کی قلت، کمزور انفراسٹرکچر اور معاشی مشکلات کا شکار ہے، مگر حکومت عوام کے حقیقی مسائل حل کرنے، تعلیم و صحت، روزگار، پانی، بجلی، سڑکوں اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی کے بجائے ایسے متنازع فیصلوں میں مصروف ہے جو احساس محرومی اور بے چینی کو مزید بڑھا رہے ہیں: جمعیت علماء اسلام بلوچستان حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ مجوزہ انتظامی ردوبدل فوری طور پر واپس لیا جائے، تمام متعلقہ علاقوں کے عوام، سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں، قبائلی و سماجی عمائدین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر شفاف اور بامعنی مشاورت کی جائے، کیونکہ عوام کی مرضی کے بغیر کیا جانے والا کوئی بھی فیصلہ قابل قبول نہیں ہوگا: جمعیت علماء اسلام بلوچستان ضلع موسیٰ خیل کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور واضح کرتی ہے کہ ان کے سیاسی، آئینی، جمہوری اور انتظامی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر پرامن، قانونی اور جمہوری فورم پر بھرپور آواز بلند کی جائے گی، اور اگر حکومت نے عوامی مطالبات کو نظرانداز کیا تو مقامی قیادت اور عوام سے مشاورت کے بعد آئندہ کے سیاسی و احتجاجی لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ 32

کہ وزراء، ک کی کمیٹی شہید ملت بلڈنگ کو جدید فائیو اسٹار ہوٹل میں تبدیل کرنے کے منصوبے کا جائزہ لے گی۔ شہید ملت بلڈنگ کا مجموعی رقبہ 4 ہزار 400 مربع گز ہے جبکہ اس میں 128 کمروں کی گنجائش موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق عمارت میں 64 لگژری سوئٹس بنانے کی بھی گنجائش موجود ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والے ایس سی او اجلاس کے موقع پر ہزاروں اضافی رہائشی کمروں کی ضرورت ہوگی، جبکہ ایونٹ کے لیے دارالحکومت میں 4 ہزار سے زائد ہوٹل رومز درکار ہوں گے۔ حکومت کا مقصد بین الاقوامی سطح کے اہم اجلاسوں اور ایونٹس میں شرکت کرنے والے غیر ملکی مہمانوں کو معیاری رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 33

شرکاء مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے پریس کلب پہنچ کر مظاہرہ کی شکل اختیار کی ریلی کے شرکاء سے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ حاجی محمد ایوب عالیزئی حاجی منیر احمد رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سوراب میں نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا کراچی سے سردار اختر مینگل کے فلیٹ پر چھاپہ مار کر ان کے ملازمین کو اغواء کرنا اور خضدار کے علاقہ گورو میں معصوم طالب علم کی شہادت مظالم کی انتہا ہے بی این پی ایسے ناانصافیوں کے خلاف کبھی خاموش نہیں بیٹھے گی ان تمام واقعات کا شفاف تحقیقات کی جائے سردار اختر مینگل کے مغوی ملازمین کو منظر عام پر لایا جائے اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں جاری مظالم کا خاتمہ کر کے عوام کو زندہ رہنے کا حق دیا جائے مقررین کے خطاب کے بعد ریلی و مظاہرہ کے شرکاء پرامن طریقے سے منتشر ہو گئے۔

بقیہ 34

نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ شوکاز نوٹس کو چیلنج کیا تھا۔ رٹ پٹیشن میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے مورخہ 8 جولائی 2026ء کو جاری کردہ شوکاز نوٹس کے ذریعے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا انتخابی نشان واپس لینے سے متعلق کارروائی کا آغاز کیا تھا۔ بلوچستان ہائی کورٹ نے رٹ پٹیشن کی سماعت کے دوران الیکشن کمیشن آف پاکستان کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کمیشن کی جانب سے جاری کردہ شوکاز نوٹس کو معطل کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ عدالت عالیہ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو مذکورہ شوکاز نوٹس کی بنیاد پر مزید کسی قسم کی کارروائی کرنے سے بھی روک دیا۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی جانب سے رٹ پٹیشن کی پیروی مرکزی سیکرٹری قانون، ایڈووکیٹ سپریم کورٹ حبیب اللہ ناصر اور برخوردار اچکزئی نے کی۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے عدالتی فیصلے کو پارٹی کے آئینی و قانونی حقوق کے تحفظ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔

بقیہ 35

کیا گیا۔ اجلاس سے ضلعی قائم مقام سیکرٹری حاجی جمال خان اچکزئی اور مرکزی ایگزیکٹو ناظم صلاح الدین اچکزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی چمن کے تمام قومی مشران، سول سوسائٹی اور دیگر حلقوں سے پرزور اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے بنیادی اور عوامی حقوق کے حصول اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے پشتون قومی جرگہ کی کامیابی میں اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ جرگہ ہی ہمارے عوام کو درپیش صورتحال سے نجات دہندہ ثابت ہو سکتی ہے۔ اتحاد و اتفاق اور منظم ہو کر ہی ہم اپنے عوام کو درپیش سخت اذیت ناک صورتحال سے نجات دلا سکتے ہیں، ہمارے وطن اور عوام کو دہشت گردی، بدامنی، لاقانونیت، چوری، ڈکیتی، منشیات، قتل و غارت گیری، بھتہ خوری اور دیگر جرائم کے واقعات کا شکار بنا کر ان سے پہلے مرحلے میں کاروبار، روزگار کی سہولیات چھین لی گئی، تجارت پر قدغن لگا کر عوام کو فاقوں پر مجبور کیا گیا۔ کوئٹہ چمن، کوئٹہ کراچی شاہراہ اور آئے روز لوٹ مار کی صورتحال اور جاری بدامنی سے ہمارے عوام کا معاشی قتل عام اور نسل کشی جاری ہے اور یہ سلسلہ مزید ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ نجی و سرکاری جتھوں کے ذریعے عوام کے خون ناحق کو بہانے کا سلسلہ جاری ہے اور یہ سب حکومتی سرپرستی میں ہو رہا ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کوئٹہ میں جنوبی پشتونخوا کے عوام کے جرگہ کی تیاری میزبان کی حیثیت سے اپنا کردار اور قومی فریضہ پورا کرے گی اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ جرگہ کے لیے اپنا تعاون اور کردار ادا کریں۔

بقیہ 36

مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر میر خورشید جمالدینی، شکیل ثاقب جمالدینی، بہرگ بلوچ، عطاء اللہ مینگل اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف نوشکی شہر کے چاروں اطراف فورسز کی ناکہ بندی اور سخت چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ دوسری جانب مسلح قاتلوں، چوروں اور جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ حاصل ہے۔ مقررین نے کہا کہ اسپورٹس مین شہید جلیل احمد بادینی، پروفیسر غمخوار حیات اور ماسٹر اکرم جمالدینی کے قاتلوں کی تاحال عدم گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں اور حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوشکی کے نوجوان امن کے خواہاں ہیں اور وہ اپنے شہر میں خوف و دہشت کے ماحول کو مزید برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ شہید جلیل احمد بادینی سمیت دیگر مقتولین کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، چوری، ڈکیتی اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا سدباب کیا جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ مقررین نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے نوشکی میں بدامنی کے خاتمے اور قاتلوں کی گرفتاری کے لیے فوری اور عملی اقدامات نہ کیے تو عوامی احتجاج میں مزید شدت لائی جائے گی اور نوجوان اپنے مطالبات کے حصول کے لیے احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے۔

بقیہ 37

آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان کوئٹہ صدیقہ خان علائی، بلوچستان ریفارمز سول نیٹ ورک کے وائس چیئرمین اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عاصم، کاشف انصاری، ڈاکٹر صفیہ مینگل اور فائزہ سکندر نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ آزادی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں جو قومیں آزادی کی قدر نہیں کرتیں وہ صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں، 79 سال قبل مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آیا ہم سب کو مل کر ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا آزادی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں دنیا کی جن اقوام نے آزادی کی قدر نہیں کی وہ صفحہ ہستی سے مٹ چکی ہیں

نوشکی گیس پلانٹ سے ایک ماہ سے گیس کی سپلائی بند، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، بات چیت

غلام دستگیر بادینی کی شہریوں کو گیس کی فراہمی بند ہونے پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار

بلوں کی ادائیگی کے باوجود گیس کی عدم فراہمی ناقابلِ قبول ہے، فوری بحالی کی جائے: ایم پی اے نوشکی

کوئٹہ (آن لائن) ایم پی اے نوشکی جمعیت علماء اسلام کے رہنما حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے نوشکی گیس پلانٹ سے گزشتہ ایک ماہ سے شہریوں کو گیس کی فراہمی بند ہونے پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے نوشکی کے عوام کو مسلسل ایک ماہ سے گیس کی سہولت سے محروم رکھنا انتہائی افسوسناک اور ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوشکی کے شہری باقاعدگی سے (باقی صفحہ 3 نمبر39)

مری گورنر ہاؤس میں مسلم لیگ (ن) کا اہم اجلاس ختم، آزاد کشمیر کی نامزدگیوں پر فیصلے

اسلام آباد (آن لائن) مری گورنر ہاؤس میں مسلم لیگ (ن) کا اہم اجلاس سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی زیر صدارت ختم ہوگیا۔ اجلاس میں وزیراعظم آزاد کشمیر کی نامزدگی سمیت مخصوص نشستوں پر امیدواروں کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر38)

عوام ہر شعبہ زندگی میں ذہنی کوفت کا شکار ہورہے ہیں، نعمت کاکڑ

عوام کی پشتونخوا میپ میں شمولیت سے جاری جدوجہد کو تقویت ملے گی

کان مہترزئی (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع قلعہ سیف اللہ کے تحصیل مسلم باغ کے زیر اہتمام کان مہترزئی کلی تری میں شمولیتی تقریب تحصیل سیکرٹری عبدالخیر صاحب کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ تقریب سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت کاکڑ، ضلع سینئر معاون سیکرٹری نقیب پامیر، ضلع ثقافت سیکرٹری سردار ادریس خان، ضلع معاون سیکرٹری حاجی داد خان، تحصیل معاون سیکرٹری بخت اللہ افغان اور محمد اقبال نے خطاب کیا۔ تقریب میں ارشاد اللہ کی قیادت میں 10 افراد ظفر اللہ، حمید اللہ، نعمت اللہ، ضیاء اللہ، پرویز خان، افتخار احمد، فدا (باقی صفحہ 3 نمبر40)

یوم آزادی ہمیں بزرگوں کی جدوجہد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، طاہرہ بلوچ

آزادی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں جو قومیں آزادی کی قدر نہیں کرتیں وہ صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں، خطاب

79 سال قبل مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آیا ہم سب کو مل کر ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی محتسب برائے خواتین جسٹس (ر) طاہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ یوم آزادی ہمیں بزرگوں کی جدوجہد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، آزادی کی قدر و حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، تعلیم یافتہ نوجوان بالخصوص خواتین ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ریڈیو پاکستان کوئٹہ کے اشتراک سے یوم (باقی صفحہ 3 نمبر37)

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری قانون سیاحت وثقافت بلوچستان سرکٹ ہاؤس میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

میر یونس عزیز زہری کا ہسپتال میں موجود چلڈرن وارڈ کا دورہ

سرکاری اداروں کو فعال و موثر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

BSDI اقدام کے تحت بحال کیے گئے آپریشن تھیٹرز کا باقاعدہ افتتاح کرلیا

کوئٹہ (خ ن) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر جہالاوان میر یونس عزیز زہری کا کمشنر خضدار قادر بخش پرکانی، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی، ایس ایس پی خضدار روشتین دشتی، چیف آفیسر وڈیرہ محمد صالح جاموٹ، ایکسین بلڈنگ سلیم عمرانی، ایکسین پی ایچ ای عبدالروف قمرانی، ایکسین اریگیشن سعید مصطفیٰ، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے (باقی صفحہ 3 نمبر5)

جھل مگسی نوابزادہ ظفر مگسی کے کرش پلانٹ پر مسلح افراد کا حملہ

مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں تیز کر دی گئی ہیں، سیکورٹی حکام

جھل مگسی (آن لائن) جھل مگسی میں نوابزادہ ظفر مگسی کے کرش پلانٹ پر مسلح افراد نے حملہ کردیا۔ ملزمان مقامی ٹھیکیدار کو ان کے چار ساتھیوں اور گاڑی سمیت اغوا کر کے نامعلوم مقام کی طرف لے گئے۔ واقعے کے بعد پولیس اور مگسی قبیلے کے سینکڑوں مسلح افراد اغوا (باقی صفحہ 3 نمبر6)

مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث کئی خاندان شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

صوبے پر علی بابا چالیس چوروں کا ٹولہ مسلط ہے، جمعیت یو آئی (ف)

کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے باعث غریب عوام کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی دشوار ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے (باقی صفحہ 3 نمبر1)

جشن آزادی پاکستان کے موقع پر قومی یکجہتی، پاک فوج، ایف سی، پولیس اور شہداء کو خراج عقیدت

دکی (خ ن) جشن آزادی پاکستان کے موقع پر بلوچستان کے صوبائی مشیر جنگلات سردار مسعود علی خان لونی کے فرزند سردارزادہ ایمل خان لونی، قبائلی رہنما ملک جالندر خان لونی اور ان کے صاحبزادے تعلیم یافتہ محمد نعمان لونی ولد ملک جالندر خان لونی نے اپنے مشترکہ پیغام میں (باقی صفحہ 3 نمبر4)

مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے پسنی میں گرین بوٹ قرعہ اندازی

سمندری طوفان سے متاثرہ 82 ماہیگیروں میں امدادی چیکس بھی تقسیم کی گئی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی جانب سے پسنی میں گرین بوٹ قرعہ اندازی، 20 خوش نصیب ماہیگیروں میں کشتیاں تقسیم، سمندری طوفان سے متاثرہ 82 ماہیگیروں میں امدادی چیکس بھی تقسیم اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو ولادوری کے دفتر میں گرین بوٹ قرعہ اندازی اور سمندری طوفان سے متاثرہ ماہیگیروں میں امدادی چیکس تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہیگیر برادری، محکمہ فشریز اور ضلعی انتظامیہ کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔ تقریب میں امیر جماعت اسلامی (باقی صفحہ 3 نمبر2)

بلوچستان میں آباد برادریوں، مذہبی اقلیتوں کو اس سرزمین نے سینے سے لگا رکھا ہے، لشکری رئیسانی

اب وقت آگیا بلوچ، پشتون اقوام اور برادریاں تقسیم سے باہر نکل کر سرزمین کے وقار، اختیار اور حقوق کی جنگ لڑیں

سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر کا عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ہفتہ کو سراوان ہاؤس میں منعقدہ سیٹلرز کے اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آباد برادریوں، مذہبی اقلیتوں کو اس سرزمین نے سینے سے لگا رکھا ہے، اب وقت ہے بلوچ، پشتون اقوام اور برادریاں تقسیم سے باہر نکل کر سرزمین کے وقار، اختیار اور حقوق کی جنگ لڑیں۔ یہ بات انہوں نے عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ہفتہ کو سراوان ہاؤس میں منعقدہ سیٹلرز کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر3)

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری قانون سیاحت وثقافت بلوچستان سرکٹ ہاؤس میں علاقے کے معززین، بلدیاتی نمائندوں اور شہریوں سے ملاقات کر رہے ہیں

پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری جبار خان اتمانخیل کے بھائی حاجی عبدالغفار اتمانخیل انتقال کرگئے

لورالائی (آن لائن) پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری جبار خان اتمانخیل کے بھائی حاجی عبدالغفار اتمانخیل انتقال کرگئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر7)

نوجوان کاکروچ نہیں، اقبال کے شاہین ہیں: پیٹر چارلس سہوترا

نوجوان مایوسی کے بجائے اُمید، علم، محنت، جدوجہد، ہنرمند بننے کا راستہ اختیار کریں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان کاکروچ نہیں بلکہ اقبال کے شاہین اور پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، علامہ اقبال کے فلسفہ خودی اور قائداعظم محمد علی جناح کے وژن پر استوار ہماری فکری بنیادیں اس حقیقت کی عکاس ہیں کہ پاکستان کبھی ناکام نہیں ہوسکتا، نوجوان نسل اپنی فکری بنیادوں کو (باقی صفحہ 3 نمبر9)

جعفرآباد، پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) جعفرآباد کے علاقے میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر8)

پاکستان ریلوے قومی ادارہ ہے، محمد نسیم راؤ، شیر محمد بلوچ

حکومت عوام کی آواز پر فوری توجہ دیتے ہوئے تمام بند ٹرینوں کو بحال کرے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کے مرکزی جنرل سیکریٹری محمد نسیم راؤ، کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکریٹری محمد سلیم سرپرہ اور چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی اور ریلوے نظام کی بہتری کے لیے صوبے میں بند کی گئی تمام مسافر ٹرینوں (باقی صفحہ 3 نمبر10)

یونیورسٹی آف لورالائی میں یوم آزادی کے موقع پر دو روزہ تقریبات قومی جوش وجذبے سے اختتام ہوئیں

لورالائی (آن لائن) یونیورسٹی آف لورالائی میں یوم آزادی کے موقع پر دو روزہ تقریبات قومی جوش و جذبے سے اختتام ہوئیں۔ 14 اگست کو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کی قیادت میں آزادی ریلی نکالی گئی، جس میں (باقی صفحہ 3 نمبر12)

میسز اور ہوٹلز کی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 15 فیصد مقرر

مقررہ شرح کے مطابق سیلز ٹیکس وصول کریں، بروقت ریٹرن فائل کریں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے تحت میسز (Messes) اور ہوٹلز کی جانب سے فراہم یا انجام دی جانے والی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 15 فیصد مقرر ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام متعلقہ سروس فراہم کنندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن یقینی بنائیں، مقررہ شرح کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر11)

آزادی ہر ذی شعور انسان کا حق ہے، سید سلیم رضا ایڈووکیٹ

زندہ قومیں ہی یوم آزادی بھرپور طریقے سے مناتی ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے چیئرمین سید سلیم رضا ایڈووکیٹ، وائس چیئرمین انور علی غسانی، سرمد احمد، نثار احمد اور دیگر نے کہا ہے کہ زندہ قومیں ہی یوم آزادی بھرپور طریقے سے مناتی ہے ہمارے بزرگوں اور اکابرین نے بڑی قربانیوں کے بعد یہ آزادی حاصل کی تھی ہمیں اس کی قدر کرنی چاہئے یہ بات انہوں نے دفتر میں یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو معرض وجود (باقی صفحہ 3 نمبر17)

جمہوری وطن پارٹی کا 36 واں یوم تاسیس بلوچستان کے حالات کے پیش نظر سادگی سے منایا گیا

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے قیام کو 16 اگست 2026 کو 36 سال مکمل ہوگئے۔ 16 اگست 1990 کو شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی نے جمہوری وطن پارٹی کی بنیاد رکھی تھی، جس کے بعد ہر سال 16 اگست کو پارٹی کا یوم تاسیس منایا جاتا ہے۔ بلوچستان کے موجودہ حالات اور عوام کو درپیش مشکلات کے پیش نظر اس سال جمہوری وطن پارٹی کے کارکنان نے یوم تاسیس نہایت سادگی اور وقار کے ساتھ بگٹی ہاؤس کوئٹہ اور ملک بھر میں منایا۔ کارکنان نے شہید نوا (باقی صفحہ 3 نمبر16)

طالبان حکومت کے پانچ سال مکمل، افغان شہریوں کا شدید غم وغصے کا اظہار

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان حکومت کے پانچ سال مکمل ہونے کے تناظر میں مختلف افغان شہروں سے شہریوں کی جانب سے حکومت کے خلاف شدید غم وغصے کا اظہار سامنے (باقی صفحہ 3 نمبر14)

قطر کا ایرانی پائلٹس کو حراست میں رکھنے کے ایرانی دعوے کی تردید

دوحہ، تہران (آن لائن) قطر نے ایرانی پائلٹس کو حراست میں رکھنے کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مارچ میں ایرانی طیاروں نے قطری فضائی حدود کی خلاف ورزی کی (باقی صفحہ 3 نمبر15)

اشتہاری، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں اور افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں

موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی اور درجنوں گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے، حکام

کرایہ داری ایکٹ میں ملوث نصیب اللہ اور غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 4 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے اشتہاری، مطلوب، کرایہ داری ایکٹ، سنیچرز اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں سمیت غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 سنیچرز سمیت 5 ملزمان جبکہ 26 افغان باشندوں، 19 نشے کے عادی افراد کو گرفتار کرلیا جبکہ 25 بغیر نمبر کے موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی اور درجنوں گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر بجلی گھر پولیس نے ایس ایچ او مجاہد ملغانی کی قیادت میں کارروائی کرتے ہوئے 2 سنیچرز سمیت (باقی صفحہ 3 نمبر13)

کوئٹہ، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں سراوان ہاؤس میں سینئر صحافی رضا الرحمٰن، صدر پریس کلب عرفان سعید، ملک سعید اعوان اور سلیم سرائیکی عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردوں کی تلاش بھی جاری ہے انہیں قانون کی گرفت میں لانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں

امن دشمنوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، شاہد رند

خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شور پرود کے پہاڑی علاقے میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی قابل تحسین ہے

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے خضدار اور قلات کے بارڈر ایریا شور پرود کے پہاڑی سلسلے میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور موثر کارروائی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بہادری اور عزم کا واضح ثبوت ہے اپنے بیان میں شاہد رند نے کہا کہ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شور پرود کے (باقی صفحہ 3 نمبر18)

یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر ژوب میں پروقار تقریب

ژوب (آن لائن) یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر ژوب میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر وزیر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب میں ریجنل اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد نوید قمر ماہرین (باقی صفحہ 3 نمبر19)

کوئٹہ: آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے اجلاس کی صدارت صدر میر عبدالسلام لانگو کر رہے ہیں

ڈاکٹر ماہ نور کے نام سے منسوب نئے اور آراستہ گائنی وارڈ کا باقاعدہ افتتاح

ہرنائی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال ہرنائی میں شعبہ طب نسواں اور زچگی کی سہولیات کو مزید جدید اور بہتر بنانے کے حوالے سے ایک اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر سیف اللہ خان مری نے لیڈی ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر20)

چمن شہر اور اطراف میں صفائی مہم دوسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری

چمن شہر کو صاف، ستھرا اور شہریوں کیلئے بہتر وصحت مند ماحول فراہم کرنا ہے، انتظامیہ

چمن (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر چمن شہر اور اطراف میں صفائی مہم دوسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری رہی۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے (باقی صفحہ 3 نمبر21)

نوشکی میں بدامنی کے خلاف نوجوانوں کی تاریخی احتجاجی ریلی

اپنے شہر میں خوف و دہشت کے ماحول کو مزید برداشت نہیں کریں گے، خطاب

نوشکی (آن لائن) شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی، چوری، ڈکیتی، ٹارگٹ کلنگ اور اسپورٹس مین نوجوان شہید جلیل احمد بادینی کے قتل کے خلاف نوشکی کے نوجوانوں نے ایک تاریخی احتجاجی ریلی نکالی، جس میں بڑی تعداد میں نوجوانوں، اسپورٹس مینوں، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور شہریوں نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے نوشکی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال، چوری، ڈکیتی اور ٹارگٹ کلنگ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ احتجاجی ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی نوشکی پریس کلب کے سامنے پہنچی، جہاں مظاہرین نے احتجاجی (باقی صفحہ 3 نمبر36)

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کال پر سانحہ سوراب کے خلاف خضدار میں احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کال پر سانحہ سوراب کے خلاف خضدار میں احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی بی این پی کے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ اور تحصیل آرگنائزر سفر خان مینگل کی قیادت میں پارٹی آفس سے برآمد ہوئی ریلی کے (باقی صفحہ 3 نمبر33)

اسلام آباد میں سرکاری عمارت کو فائیو اسٹار ہوٹل بنانے کا منصوبہ

منصوبے کی نگرانی اور اس کا جائزہ لینے کی ذمہ داری تین رکنی وزارتی کمیٹی کو سونپی گئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت میں بین الاقوامی ایونٹس کے لیے عالمی معیار کی رہائشی سہولیات کی کمی کے پیش نظر وزیراعظم نے بعض سرکاری عمارتوں کو ہوٹلز میں تبدیل کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ فیصلے پر عملدرآمد کے لیے داخلہ، خزانہ اور ہاؤسنگ کے وزراء پر مشتمل تین رکنی وزارتی کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق پہلے مرحلے میں شہید ملت بلڈنگ کو فائیو اسٹار ہوٹل میں تبدیل کرنے کی تجویز زیرغور ہے، جس پر مشاورت جاری ہے۔ منصوبے کی نگرانی اور اس کا جائزہ لینے کی ذمہ داری تین رکنی وزارتی کمیٹی کو سونپی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

جاری بدامنی، خوف و ہراس کی صورتحال نے عوام کو نا صرف ذہنی کوفت کا شکار بنادیا ہے، سید اشرف آغا و دیگر

کوئٹہ شہر میں کاروبار تجارتی سرگرمیاں مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے، پشتونخوامیپ

ملازمین کے ٹرانسفر، او ایس ڈی کرنے، سرکاری ملازمتوں میں میرٹ کو پامال کر کے اقرباء پروری اور خرید و فروخت پر توجہ دی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پشتونخوامیپ کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی جانب سے کوئٹہ میں 31,30 اگست اور یکم ستمبر کو پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کے زیر صدارت پشتون قومی جرگہ کی تیاری اور ضلع کو (باقی صفحہ 3 نمبر22)

ہمارے عوام کا معاشی قتل عام اور نسل کشی جاری ہے، پشتونخوامیپ

چمن کے ضلع کمیٹی کا اجلاس، پشتون قومی جرگہ منعقدہ کوئٹہ کی تیاری کا جائزہ لیا گیا

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی چمن ضلع کمیٹی کا اجلاس ضلعی قائم مقام سیکرٹری حاجی جمال خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تحصیل سینئر سیکرٹری حاجی کامل اچکزئی نے قرآن کریم کی تلاوت کلام پاک سے کیا۔ اسٹیج کے فرائض ضلعی سینئر سیکرٹری کریم خان ناظم نے انجام دیے۔ اجلاس کا ایجنڈا 31،30 اگست اور یکم ستمبر کو منعقد ہونے والی پشتون اولس قومی جرگہ کی تیاریوں کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف امور پر غور (باقی صفحہ 3 نمبر35)

بلوچستان ہائی کورٹ نے پشتونخوامیپ کے انتخابی نشان سے متعلق الیکشن کمیشن کا شوکاز نوٹس معطل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے انتخابی نشان سے متعلق الیکشن کمیشن کا شوکاز نوٹس معطل کر دیا۔ کوئٹہ، 12 اگست 2026، بلوچستان ہائی کورٹ میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی جانب سے دائر کردہ رٹ پٹیشن کی سماعت ہوئی، جس میں پارٹی (باقی صفحہ 3 نمبر34)

کسی ضلع کی حدود کا تعین بند کمروں اور دفتری فائلوں میں نہیں، جمعیت (ف)

مزید سیاسی محرومی، انتظامی تجربات اور غیر منصفانہ فیصلوں کی بھینٹ نہیں چڑھایا جاسکتا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان نے ضلع موسیٰ خیل کی جغرافیائی و انتظامی حدود میں عوامی رائے، تاریخی حقائق، مقامی ضروریات اور زمینی صورتحال کو نظرانداز کرتے ہوئے من پسند ردوبدل کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسیٰ خیل کے عوام کو مزید سیاسی محرومی، انتظامی تجربات اور غیر منصفانہ فیصلوں کی بھینٹ نہیں چڑھایا جاسکتا۔ ماضی میں بھی عوام کے منتخب نمائندے کو نااہل قرار دے کر عوامی مینڈیٹ کو متنازع بنانے کی کوشش کی گئی، کبھی سیاسی مفادات کے تحت ضلع کے واحد صوبائی اسمبلی کے حلقے کو ختم کیا گیا اور اب ایک مرتبہ پھر ضلع کی جغرافیائی وحدت (باقی صفحہ 3 نمبر31)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کا اجلاس

بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا ایک اہم اجلاس اتوار کو صدر میر عبدالسلام لانگو کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، نائب صدر میر عدنان لہڑی سمیت کوئٹہ میں موجود صوبائی عہدیدارو (باقی صفحہ 3 نمبر26)

یونین کونسل رارہ شم کو فوری طور پر دوبارہ موسیٰ خیل میں اپنی سابقہ پوزیشن پر بحال کیا جائے، سید امین شاہ غرشین

موسیٰ خیل (آن لائن) ضلع موسیٰ خیل کے ضلع صدر سید امین شاہ غرشین نے اپنے بیان میں کہا ہے یونین کونسل رارہ شم کو ضلع موسیٰ خیل سے نکال کر ضلع بارکھان میں شامل کرنا یونین کونسل رارہ شم کے سادات کرام اور اہلیان علاقہ کے ساتھ سراسر ناانصافی اور زیادتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونین کونسل رارہ شم تاریخی، جغرافیائی اور انتظامی اعتبار سے ہمیشہ سے ضلع موسیٰ (باقی صفحہ 3 نمبر25)

نصیرآباد کراچی سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد

کوئٹہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس نصیرآباد نے کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کر (باقی صفحہ 3 نمبر23)

پاکستان کے پرچم کو آزاد کشمیر میں سربلند رکھنا سردار زاہد اور اکرام منصف کا جرم بن گیا

راولاکوٹ (آن لائن) آزاد کشمیر میں راولپنڈی سے راولاکوٹ جاتے ہوئے دو نوجوانوں، سردار زاہد اور سردار اکرام منصف، کے (باقی صفحہ 3 نمبر24)

سابق صوبائی وزیر سردار نثار ہزارہ، ایئر کموڈور (ریٹائرڈ) شوکت حیدر چنگیزی، میجر نادر علی ہزارہ، سردار حیدر عباس، ، اور چیئرمین نادر علی ہزارہ اور دیگر تنظیم نسل نو ہزارہ کے زیر اہتمام جشن آزادی اور تعلیمی کارکردگی ایوارڈ کے موقع پر بچوں کے ٹیبلو دیکھ رہے ہیں

میر محمد صادق عمرانی سے مدثر ظفر کھوسہ کی ملاقات

نہری نظام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

پانی کی بروقت اور منصفانہ فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

نصیرآباد (خ ن) صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی سے سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیرآباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے ملاقات کی، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیرآباد میر بلال صادق عمرانی اور سب ڈویژنل آفیسر امان اللہ گاجانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن مدثر ظفر کھوسہ (باقی صفحہ 3 نمبر27)

ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر فرد اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا، ضلعی انتظامیہ

نصیرآباد (خ ن) نصیرآباد ڈویژن میں 79 ویں یوم آزادی پاکستان کی تقریبات قومی جوش وجذبے اور شایان شان انداز میں منعقد کی گئیں مرکزی تقریب دفتر کمشنر نصیرآباد ڈویژن میں منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق خان عمرانی اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری (باقی صفحہ 3 نمبر28)

لورالائی، میونسپل کمیٹی کا بارواں اجلاس

وائس چیئرمین ٹھیکیدار نزیر اتمانخیل کی صدارت میں منعقد ہوا

لورالائی (آن لائن) میونسپل کمیٹی کا بارواں اجلاس وائس چیئرمین ٹھیکیدار نزیر اتمانخیل کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ حسیب شجاع نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں 12 جنرل کونسلرز نے شرکت کی۔ کونسلر مولوی جمال الدین نے حالیہ شہید ہونے والوں کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کرائی اجلاس میں سابق چیئرمین کونسلر عزیز پٹھان نے کل کر میونسپل کمیٹی کے کونسلران کو درپیش مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ میں مسلسل کئی سالوں سے کونسلر بنتا آیا ہوں اور ایک بار ڈسٹرکٹ کا نائب ناظم بھی رہ چکا ہوں اس بار میونسپل (باقی صفحہ 3 نمبر29)

قلات میں شہید ہونیوالے شہید ابراہیم درانی کو سپرد خاک کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوامیپ کے رکن شہید ابراہیم درانی جنہیں گزشتہ دنوں قلات میں قتل کیا گیا تھا انہیں سپرد خاک کردیا گیا۔ وہ ملا محمد رحیم کے فرزند، عبدالواسع، عبدالمتین اور عاصم خان کے بھائی تھے۔ فاتحہ خوانی محمود آباد کلی اوڈزئی حاجی قاہر مسجد میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار (باقی صفحہ 3 نمبر30)

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ریڈیو پاکستان کے اشتراک سے جشن آزادی کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں بلوچستان ریفارمز سوشل کے وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، ڈاکٹر صفیہ مینگل شرکاء میں سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com